عشق رسول ﷺ سے سرشار امید سحر کے پیامبروں کا ترجمان

ماہنامہ

# نوائے انجمن

لاہور

خصوصی شمارہ

مئی 2023ء

STUDENT POWER A.T.I

انجمن طلباء اسلام

ATI

امید سحر

سال 2023

20 شوال یومِ تشکیلِ انجمن

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں

امید سحر

مکتبہ انجمن کی بحالی

اداروں میں انجمن

غازیٔ انجمن رمضان جانا مرحوم

صدر انجمن کی مصروفیات

انٹرویو مرکزی صدر ATI
برادر مبشر حسین حسینی

انٹرویو سیکرٹری جنزل ATI
برادر راجہ منصور اقبال

شائع کردہ مکتبہ انجمن





کراچی: جماعت اہلسنت پاکستان کی جانب سے علماء مشائخ کنونشن میں مرکزی صدر ATI پاکستان برادر مبشر حسین حسینی صاحب کی شرکت۔اس موقعہ پر بانی رکن ATI حاجی حنیف طیب صاحب، علامہ سید شاہ عبدالحق، مولانا کوکب اوکاڑوی، ثروت اعجاز قادری ودیگر اہلسنت کے علماء ومشائخ بھی موجود۔





سرگودھا: مرکزی صدر انجمن طلبا اسلام پاکستان مبشر حسین حسینی کا سرگودھا میں آستانہ عالیہ سیال شریف کی زیرِ اہتمام ہونے والی ختم نبوت کانفرنس سے خطاب۔جبکہ اس موقعہ پر پیر امین الحسنات شاہ صاحب (بھیرہ شریف) اور پیر ضیاالحق سیالوی صاحب (سیال شریف) بھی سٹیج پر جلوہ افروز۔




مرکزی صدر برادر مبشر حسین حسینی کی قیادت میں انجمن طلبہ اسلام کے وفد کی امیر وسربراہ تحریک لبیک سے ملاقات۔

وفد میں مرکزی جوائنٹ سیکرٹری برادر کامران رضوی، مرکزی سیکرٹری نشرواشاعت سید حسنین نوری، سابق ناظم پنجاب برادر راشد مغل ومیاں ہارون موجود



تحریک پاکستان میں اہم کردار ادا کرنے والی عظیم خانقاہ مانکی شریف سے پیرزادہ محمد امین پیر آف مانکی شریف کی ایوان خیر آمد ،مرکزی صدر برادر مبشر حسین ومرکزی ذمہ داران سے ملاقات۔



صدر انجمن برادر مبشر حسین حسینی کی سربراہ پاکستان سنی تحریک ثروت اعجاز قادری سے ملاقات۔

عشق رسول ﷺ سے سرشار امید سحر کے پیامبروں کا ترجمان

ماہنامہ

# نوائے انجمن

لاہور

اپریل 2023ء

چیف ایگزیکٹو
مبشر حسین حسینی
مرکزی صدر ATI پاکستان

چیف ایڈیٹر
سید حسنین نوری
مرکزی سیکرٹری اطلاعات ATI

ایڈیٹر
محمد عامر اسماعیل
مرکزی نائب صدر ATI

سب ایڈیٹر
محمد کامران اکبر رضوی
مرکزی جوائنٹ سیکرٹری ATI

مجلس مشاورت
سردار بیدار حسن — محمد معین الدین
صدیق آفتاب — جواد لودھی
عرفان ساہمل

مجلس ادارت
محمد علی خان
سید راشد گیلانی

## فہرست

| | |
|---|---|
| اداریہ | 3 |
| امید سحر (نظم) | 4 |
| امام احمد رضا خان بریلوی | 5 |
| انٹرویو صدرِ انجمن | 7 |
| انجمن طلبہ اسلام کی تشکیل | 11 |
| ATI کی تصویری جھلکیاں | 13 |
| حی علی الفلاح آن لائن مہم | 18 |
| محمد رمضان عزیز (جانا غازی) | 20 |
| انٹرویو سیکرٹری جنرل ATI | 22 |
| امید سحر لوگو کیا بیان کرتا ہے | 25 |
| مکتبہ انجمن | 25 |
| ATI کی تصویری جھلکیاں | 26 |

پبلشر سید حسنین نوری نے بابا جانی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر شائع کیا۔

# اداریہ
## (امید سحر)

اداریہ

مہنگائی بیروزگاری جبر ذلت محرومی بھوک ننگ اور افلاس میں گھرے لوگ بحران زدہ سماج میں سیاسی سماجی بحران پر معاشی بحران اور پھر اس پر عالمی تغیر وتبدل عالمگیر سرمایہ داروں عالمی بینکوں مالیاتی فنڈ و دیگر سرمایہ دار اداروں کی بے رحم پالیسیوں میں پستے ہوئے غریب و نادار انسانوں پر ہر دن نئی مصیبت کے ساتھ طلوع ہورہا ہے خطہ خداداد مسلسل ناقص پالیسیوں کالے سفید دھن کے قانونی وغیر قانونی انتقال سے زرمبادلہ سٹاک ایکسچینج سمیت ہر امید ٹوٹ رہی ہے رواں سال پاکستان میں زمینی سیاسی آفات کے ساتھ ساتھ قدرتی آفات کا دور دورہ رہا سیاسی معاشی عدم استحکام کی لہر میں موسمیاتی تبدیلیوں نے غریب کی جورو سب کی بھابھی کے مصداق پاکستان کو ہی تاڑ کر رکھا، ایسے غیر یقین حالات میں اس ملک کی واحد امید نوجوانوں کو مایوسی کے اندھیروں سے نکالنے کا عزم ہی بقاہے، اگر حالات کی نبض پر ہاتھ نہ رکھا گیا اور نوجوانوں کو کوئی مستقبل کا وژن سے بھرپور لائحہ عمل نہ دیا گیا تو پچھتاوے کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا اسی بابت ہم امید سحر کا علم بلند کر چکے ہیں۔

یہ امید سحر مایوسی کے لئے عزم مصمم، غیر یقینی کے لئے سنگ راہ، طلبہ کے لئے چراغ راہ، ملک کے لئے روشنی کا باعث ہوگی۔

الحمدللہ، انجمن طلبہ اسلام نے نصف صدی سے زائد کا سفر طے کر لیا ہے۔

اس سفر میں جو مقصد 1968ء لیکر چلے تھے آج بھی وہی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے ذات گرامی کے گرد اور تابع ہی ہماری زندگی بسر ہونی چاہیے، طاق نسیان کی زینت بننے والے سیاسی نعروں، کوتاہ قامت لیڈروں اور مذہبی بہروپیوں کے پیچھے چلنے کی بجائے حضور خاتم مرتبت ﷺ کے نام نامی پر اپنا تن من دھن قربان کیا جائے۔

انجمن طلبہ اسلام کا یہ سفر لاتعداد شہداء، سینکڑوں غازیوں اور لاکھوں جوانیوں کی الگ الگ داستان ہے، ان سب کو غلامی رسول میں موت بھی قبول ہے کا جذبہ کبھی راہ کی رکاوٹ نہیں بننے دیتا، ضرورت اس امر کی ہے کہ عشق مصطفی کے سفر میں جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کے وارث بن کر فاران کی چوٹیوں سے نشر ہونے والے عظیم آفاقی پیغام کے مشن کو جاری رکھا جائے، یہ عہد کیا جائے کہ آپسی نفرتوں کے ماحول میں یاد خیر البشر کے رشتے سے محبت کا فروغ کیا جائے گا، حسد بغض کینہ کے ماحول میں نسبت رسول کے تعلق سے شکر اور صبر کا پیمانہ تھاما جائے گا، آیئے موجودہ قیادت کا ہاتھ تھامیے یہ اسی عہد کا عزم لئے میدان عمل میں ہے۔

آپ کے علم میں ہوگا کہ 22 جنوری کو لاہور جامعہ نعیمیہ میں انجمن طلبہ اسلام کے سالانہ انتخابات عمل میں آئے، الحمداللہ موجودہ نومنتخب قیادت منتخب ہونے کے بعد روز اول سے میدان

1974 میں انجمن کے پہلے پرچم کی منظوری ہوئی

عمل میں اپنی جانفشانی کے ساتھ صف اول پر موجود ہے۔

اس دوران یہ محسوس کیا گیا کہ اسلامی تعلیمات سے یکسر عاری زوال پذیر معاشرہ جس میں ادب واحترام نایاب، احساس اور قربانی کا جذبہ ماند، شہوت زدہ ماحول میں پروان چڑھتی زندگیاں، حیا باختگی اور اخلاق سوزی بنام جدیدیت، جبر کے ضابطے اور ظلم کے رابطے، کمزور بندھے ہوئے اور طاقتور کھلے ہوئے ہیں۔۔۔ درندگی، وحشت، اقربا پروری، بے ایمانی، سفارش، ظلم، ناانصافی بڑھتی ہی چلی جارہی ہے، ہر طبقے سمیت نوجوان نسل اغیار کے ہاتھوں نظریاتی، اخلاقی وذہنی طور پر تیزی سے یرغمال ہورہی ہے۔

اس المیے میں ہمارا کردار جنگی بنیادوں پر میدان عمل میں اترنے کا ہے، اپنے نوجوانوں کی تربیت کر کے انہے میدان عمل میں اتارا جائے تاکہ مزید تباہی سے بچاؤ کا سدباب ہوسکے۔

انہی حالات کی نزاکت کو شدت سے محسوس کرتے ہوئے مرکزی صدر ATI پاکستان برادر مبشر حسین حسینی صاحب کی قیادت میں اس سال کو امید سحر کا نام دیا گیا ہے، ان شاء اللہ ہماری کاوشیں اندھیر نگری کے اس ماحول میں چراغ لیے امید سحر کی وجہ بنیں گی۔

کسی بھی قسم کے انقلاب کے لیے انجمن طلبہ اسلام یہ سمجھتی ہے کہ بغیر تربیت کے میدان میں اترنا بے لگام گھوڑوں کی مانند ہے جنکی کوئی منزل نہیں ہوتی اور بھٹکتے رہتے ہیں۔ ہمیں تربیت کی لگام گلے میں ڈالے اپنی سمت کا تعین کر کے با مقصد جدوجہد کرنی ہے۔

ظلمت سے کہو اب کوچ کرے، ہم روشنیوں کے پیامی ہیں
اب قریہ قریہ چمکے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔آثار امید سحر کے ہیں

## امید سحر

(انجمن طلبہ اسلام کے امید سحر سال کی مناسبت سے سابق مرکزی صدر ATI ڈاکٹر ظفر اقبال نوری صاحب کی جانب سے امید افزاء مصرعے)

اعلان ہے صبح کے تارے کا آثار امید سحر کے ہیں
کلیوں سے یہ کہتی ہے باد صبا آثار امید سحر کے ہیں
دو چار قدم بس منزل ہے گھبراؤ نہیں اے ہم سفرو
اب بیڑیاں دیتی ہیں یہ صدا آثار امید سحر کے ہیں
ہر راہ صعوبت میں لوگو یہ عشق ہمارا رہبر ہے
گو اہل جنوں ہیں آبلہ پا آثار امید سحر کے ہیں
یہ خون شہیداں کی سرخی ہر دشت کو گلشن کر دے گی
جو مہکا ہے یہ رنگ حنا آثار امید سحر کے ہیں
ہم فرزانے ہم مستانے ہم اپنے نبی کے دیوانے
گلزار ہمیں ہر دشت بلا آثار امید سحر کے ہیں
ظلمت سے کہو اب کوچ کرے ہم روشنیوں کے پیامی ہیں
اب قریہ قریہ چمکے گا آثار امید سحر کے ہیں
جو نوک سناں سے ابھری تھیں نوری وہ صدائیں گونجتی ہیں
حق آیا باطل بھاگ گیا آثار امید سحر کے ہیں

اے ٹی آئی کا پہلا مرکزی کنونشن 9-8 جولائی 1972 کو جامعہ نعیمیہ لاہور میں ہوا۔

# اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی

تحریر و تحقیق: سید حسنین نوری

ہم نے امام احمد رضا خاں بریلوی صاحب کے ساتھ زیادتی کی ہے۔

امام احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو علم قرآن، علم تفسیر، علم حدیث، اصول حدیث، کیمیا، فزکس، سائنس، کتب فقہ حنفی، کتب فقہ شافعی و مالکی و حنبلی، اصول فقہ، جدل مہذب، علم العقائد والکلام، علم نجوم، علم صرف، علم معانی، علم بیان، علم بدیع، علم منطق، علم مناظرہ، علم فلسفہ مدلسہ، ابتدائی علم تکحیہ، ابتدائی علم ہیئت، علم حساب تا جمع، تفریق، ضرب، تقسیم، ابتدائی علم ہندسہ سمیت تقریبا 56 سے زائد علوم پر دسترس حاصل تھی، حتی کے آج کی جدید سائنس آپ کے بتائے ہوئے اصولوں پر تجربات کر کے نتائج اخذ کر رہی ہے۔

مگر افسوس کے ہم نے اسلام کے اس عظیم ہیرو کو مسلک کا لباس پہنا کر محدود کرتے ہوئے آپ کی خدمات پر پانی پھیرا۔ جن کی شخصیت کو جامع ترین ہونا چاہیے تھا ہماری وجہ سے آج محدود ہو چکی۔ کیونکہ ہم نے ان کا تعارف ہی ہمیشہ مسلک کا نمائندہ ہونے کے حثیت سے کروایا نا کہ ان کی دیگر خدمات کا ذکر کرنا مناسب سمجھا۔

وہ ایک شخص ہے یا کوئی ادارہ، 56 سے زائد علوم وفنون پر مہارت اور 1000 سے زیادہ کتابیں ہیں کتابیں بھی 3 زبانوں میں، عربی پر ایسا عبور کہ اہل عرب حیرت زدہ، کوئی ایسا انسٹیٹیوٹ بتایے جو بیک وقت 56 سے زائد علوم وفنون پر مہارت رکھنے والے ماہرین کی ٹیم رکھتا ہو۔ اس ادارے یا شخص نے کس کس شعبہ علم میں اپنی خداداد صلاحیتوں کا اظہار نہیں کیا، سمجھ نہیں پا رہے کہ اسے کس لقب یا خصوصیت سے یاد کریں علم تفسیر میں 7 کتابیں ہیں تو کیا مفسر کہیں؟ فلسفہ و منطق پر 6 کتابیں، ماہر فلسفہ و منطق سمجھیں؟ علم حدیث میں 45 کتب، ان کو تو محدث کہنا چاہیے علم ہیئت، ہندسہ اور ریاضی میں 28 کتابیں ہیں یہ تو ماہر ہندسہ و ریاضی ہیں۔ علم فقہ و تجوید پر بھی 70 کتابیں، یہ تو کوئی فقیہ بلکہ فقیہ زمانہ ہیں۔ شاید ادب، نحو، لغت و عروض پر 6 کتابیں، ادیب یا ماہر لسانیات ہونگے شاید علم مثلث اور لوگارثمات پر 6 کتابیں، یہ تو ریاضی کی اعلی شاخ LOGARITHM میں بھی عبور رکھتے ہیں لگتا ہے سائنس سے گہرا شغف ہے۔

تصوف پر 9 کتابیں، اولیاے کرام سے خاص تعلق رکھتے ہونگے۔ علم توقیت، حساب نجوم پر 16 کتابیں، شاید ماہر فلکیات یا علم نجوم کے استاذ ہیں۔ تاریخ و سیر پر 11 کتابیں، تاریخ گوئی و علم الرجال میں بھی باکمال بات یہیں پر ختم ہوتی نظر نہیں آتی، مگر مضمون طویل ہوتا جا رہا ہے جبر و مقابلہ پر 4 کتابیں، علم زیجات پر 7 کتابیں، علم جفر و تکسیر پر 11 کتابیں، قرآن پاک کا بہترین ترجمہ۔ بڑی بڑی قد آور شخصیات کی تعداد دیکھیے جو اس شخص یا انسٹیٹیوٹ سے نور علم پا کر

اے ٹی آئی کی مشاورت 33 اراکین پر مشتمل ہوتی ہے۔

نکلے اور ایسے کارہائے نمایاں سرانجام دیے جو بذات خود اس شخص یا ادارے کی عظمت کے لیے کافی ہے۔ وہ کام جو بڑے بڑے ادارے نہ کر پائے ایک شخص نے تن تنہا کیے۔

جی یہ ایک عبقری، ہمہ گیر اور ہشت پہلو شخصیت کا ذکر ہو رہا ہے، ان کے تحریری کام کا تھوڑا سا ذکر کیا گیا ہے، انکے اخلاق حسنہ کے غیر معمولی واقعات کا تذکرہ تو کیا ہی نہیں گیا، انکی کی زبان کی تاثیر نے کتنوں کی زندگی بدل دی اس کا تو بیان ہی نہیں کیا گیا، کتنے نادار اور محتاج انکے سوشل ویلفیئر کے جذبے سے فیضیاب ہوتے رہے، سیاست میں وہ شخص کس قدر صائب الرائے تھا اس پہلو کو تو اجاگر ہی نہیں کیا گیا- اس شخص کا سالہاسال سے معمول تھا کہ 22 , 22 گھنٹے کام کرتا امت کی بہتری میں کوشاں رہتا آرام کے لیے صرف 2 گھنٹے بچتے۔ درس وتدریس، سماجی اور سیاسی امور، تحریر وتقریر کے سخت معمولات آدمی کو بعض اوقات خشک مزاج بنا دیتے ہیں مگر یہ شخص تو بے مثال شاعر بھی تھا، شعر گوئی اس کا مشغلہ نہ تھا نہ ہی اسکے لیے کسی کی شاگردی اختیار کی۔۔۔شاعر شاگرد ہوتے ہیں مگر عاشق شاگرد نہیں ہوتے، جب جب مدینہ یا رحمت للعالمین ﷺ کی یاد کے دریا موجزن ہوتے تو محبت والفت کے جذبات قلم کو وجد میں لے آتے اور ایسے اشعار تخلیق پاتے جن کی بے ساختگی اور فصاحت و بلاغت شعرائے زمانہ کو پوچھنے پر مجبور کر دیتی کہ یہ کس کے اشعار ہیں۔

یہ وہ شخص ہے جن کو نہ صرف برصغیر بلکہ اس وقت کے علمائے حجاز، مصر، شام وعراق نے مختلف القاب سے یاد کیا -- جن کو شریعت وطریقت کا امام، مجدد دین وملت اور حجۃ اللہ فی الارض کہا گیا ان کا نام احمد رضا ہے اور اعلحضرت کہے جاتے ہیں۔ ایسی شخصیت اگر یورپ میں پیدا ہوتی تو انکے نام کی یونیورسٹیز اور نوبل پرائز طرز کے سلسلے ہوتے مگر میرے اعلحضرت کی ایک اور خصوصیت بھی ہے کہ آپ ایک مظلوم شخصیت ہیں۔ دینی فتنہ پرور، تفرقہ پسند اور انگریزوں کے ٹکڑوں پر پلنے والوں کے مذموم مقاصد کے سامنے اعلحضرت سینہ سپر ہو گئے تو ان دشمنان دین نے اپنی ذلت کا احساس مٹانے کے لیے اعلحضرت کے خلاف پروپیگنڈا کا ایسا سلسلہ شروع کیا جو انکے وصال کے بعد بھی جاری ہے۔ ان لوگوں کا فارمولا تھا کہ اس قدر جھوٹ بولو کہ آہستہ آہستہ سچ لگنے لگے، اس میں یہ بد باطن لوگ کسی حد تک کامیاب بھی رہے- بہت سے ایسے لوگ بھی ھیں جنہوں نے کبھی اعلحضرت کی تعلیمات کا مطالعہ بھی نہیں کیا مگر پروپیگنڈا کے وائرس کی وجہ سے اللہ کے اس خاص بندے کے فیضان سے محروم ہیں - اعلحضرت کو غیروں کے جس ظلم کا سامنا کرنا پڑا افسوس اپنے بھی چند اس می شامل رہے۔ اور ظلم در ظلم یہ کہ بس ہمارے اپنوں کی جفاؤں نے مسلک کا نمائندے تک محدود بنا دیا۔

انجمن طلبہ اسلام کی مرکزی کابینہ میں 8 افراد پر مشتمل ہوتی ہے۔

# انٹرویو صدرِ انجمن

| | |
|---|---|
| نام | مبشر حسین |
| ولدیت | بانہوں خان |
| تاریخ پیدائش | 20-اگست-1994 |
| تعلیم | ایم فل ان میڈیا اسٹڈیز (جاری) |
| تنظیمی حثیت | رکن |
| تنظیمی ذمہ داری | مرکزی صدر |
| تعلیمی ادارہ: | سندھ مدرستہ الاسلام یونیورسٹی |

س: انجمن طلبہ اسلام میں کب اور کس نے شامل کیا؟

سن 2008 میں برادر افتخار علی نوری (سابق مرکزی سیکرٹری جنرل) وڈاکٹر اسحاق مصطفائی نے شامل کیا۔

س: انجمن میں شمولیت کے بعد کن ذمہ داریوں پر کام کر چکے ہیں؟

سب سے پہلی ذمہ داری یونٹ گلشن حدید کے ہفتہ وار اجتماعات کی (ناظم اجتماع) تھی، اس کے بعد جنرل سیکرٹری گلشن حدید یونٹ، ناظم یونٹ کے بعد دو سال مسلسل ناظم شاخ رہا، جس کے بعد جنرل سیکرٹری ضلع ملیر بنا، پھر تین سال مسلسل ناظم ضلع کی ذمہ داری رہی، جس کے بعد کراچی ڈویژن کے جنرل سکریٹری کی ذمہ داری ملی، پھر ناظم کراچی رہنے کے بعد مرکزی جوائنٹ سیکرٹری اول، اور دو سال مسلسل ناظم صوبہ سندھ رہا۔

س: موجودہ تنظیمی صورتحال پر کیا کہنا چاہیں گے؟

اس سوال کا جواب بس یہ ہی ہے کے۔ شکوہ شب ظلمت سے تو کہیں بہتر تھا، اپنے حصے کا دیا جلاتے جاتے۔

س: انجمن طلبہ اسلام کس طرح مزید بہتر انداز میں نظریے کے فروغ کے لیے کام کرسکتی ہے؟

جواب: ہم نے اپنی ماضی کی خوبصورت روایات کو پس پشت ڈال کر نئی قائم ہونے والی فرسودہ روایات کو فوقیت دے دی، جس وجہ سے بنیادی تنظیمی اور تربیتی ڈھانچے کو بہت نقصان پہنچا، اب ہم اپنی 80,90 کی دہائی کی شاندار روایات کو زندہ کر کے ان کو دورے جدید سے آشنا کر کے کام کرنے کا عزم کر نکلے ہیں، الحمداللہ نے کافی حد تک کامیاب کیا ہے، آگے بھی کامیابی سے ہمکنار فرمائے گا۔

س: انجمن طلبہ اسلام میں سب سے زیادہ کس شخصیت کو پسند کرتے ہوئے قابل تقلید سمجھتے ہیں۔؟

جواب: انجمن میں ویسے تو تمام ہی لوگ بہت اچھے اور تربیت یافتہ ہیں، لیکن کارگردگی کی بنیاد پر بہت سے لوگ پسند ہیں جو آج بھی انجمن کا درد رکھتے ہیں اور اس فکر میں چیکیڈ میں نظر آتے ہیں۔ ایسے ناموں کی ایک طویل فہرست ہے۔

س: بطور ذمہ دار کن کن علاقوں کا دورہ کر چکے ہیں۔؟

بطور مرکزی صدر پاکستان کے تقریباً علاقوں کا دورہ کر چکا ہوں، احمد پور لمہ، صادق آباد، رحیم یار خان، حاصل پور، بہاولپور، بہاولنگر، فورٹ عباس، لودھراں، دنیا پور، ملتان، جلالپور پیروالا، شجاع آباد، لاہور، قصور، چھانگا مانگا، گوجرانوالہ، اوکاڑہ، میاں چنوں، خانیوال، جھنگ، فیصل آباد، تاندلیانوالہ، ساہیوال، کمالیہ، بورے والا، سبی، کوئٹہ، ڈیرا مراد جمالی، ڈیرہ

انجمن طلبہ اسلام کا ترانہ مشہور شاعر ادیب رائے پوری صاحب نے لکھا۔

الہ یار، جھنگ، بختیار آباد، نوابشاہ، گھوٹکی، سکھر، ڈھرکی، کراچی، سرگودھا اور اسلام آباد کا دورہ اب تک کر چکا ہوں۔

س: انجمن طلبہ اسلام میں کیا چیز سب سے زیادہ متاثر کرتی آپکو۔؟

ہر سال قیادتوں کے ردوبدلی اور الیکشن کے ذریعے ہر سال نئی قیادت کا انتخاب، جس کا استقبال گزشتہ قیادت اپنے کندھوں پر بٹھا کر کرتی ہے۔

س: چاروں صوبوں اور ریاست کشمیر کے افراد کے مزاج پر کے حوالے سے کیا کہیں گے؟

مختلف سرزمین کے لوگوں کا مزاج بھی مختلف ہوتا ہے، کہیں جارحانہ مزاج، کہیں میٹھا انداز، کہیں مصلحت والا مزاج ہے۔ لیکن چاروں صوبوں اور ریاست کشمیر کے تمام لوگوں اگر کوئی بات مشترک ہے تو وہ یہ کے سب لوگ انجمن کو عروج پورے ملک میں اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتے ہیں اور اسکے لیے کوشاں بھی ہیں۔ کچھ ایسی خواہشات جن کی تکمیل جلد از جلد چاہتے ہیں۔

طلبہ یونین کو بحال ہونے کے بعد یونین الیکشن میں ملک بھر کے کالجز اور جامعات میں انجمن طلبہ اسلام کا کلین سوئپ کر کے جیتنا جلد از جلد دیکھنا چاہتے ہیں۔

س: موجودہ تعلیمی نظام کے حوالے سے آپ کیا رائے ہے؟

آج بھی ہمارا تعلیمی نظام لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے فرسودہ نظریات پر چل رہا ہے، بلکہ اس نظریے میں مزید تبدیلی کے ساتھ دیگر طاغوتی قوتیں نظام تعلیم میں اپنی جڑوں کو مضبوط کرنے پے در پے ہیں، جن کو ہمیشہ انجمن طلبہ اسلام کاؤنٹر کر کے شکست دیتی آئی ہے انشاءاللہ آئندہ بھی دے گی

س: بطور طلبہ تنظیم ATI کس طرح موجودہ ملکی حالات کی بہتری کے لیے مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں۔

جواب: ATI ہر سال نوجوانوں کی فکری، سماجی تربیت کر کے ہر سال تربیت یافتہ نوجوان ملک وملت کو فراہم کرتی ہے جو بعد از انجمن میں فارغ ہونے کے بعد معاشرے میں اپنا مثبت کردار ادا کرتے ہیں۔ انشاءاللہ آنے والے وقت میں اب ATI ملک وملت کو تربیت یافتہ سیاسی قیادت کے ساتھ بیوروکریٹ بھی فراہم کرے گی جو نظام میں آکر نظام کو درست کریں گے۔

س: ذاتی زندگی کا کوئی ناقابل فراموش واقعہ یا لمحہ؟

ہم جیسے نکموں، نااہلوں اور لاپرواہ لوگوں پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہ عنایت خاص کا ہونا اور ہم جیسے ناکارہ لوگوں کا ایسی عظیم مادر فکری تنظیم کے اتنے بڑی ذمہ داری پر منتخب ہو جانا زندگی کا ایسا لمحہ ہو جو قبر کے پہنچے تک اثاثہ ہے۔

س: اے ٹی آئی و دیگر طلبہ تنظیمات کا موازنہ۔ کیسے کرتے ہیں؟

اے ٹی آئی کا کسی طلبہ تنظیم سے کوئی موازنہ ہو ہی نہیں سکتا، یہ وہ مادر فکری ہے جس نے ملک کے لاکھوں نوجوانوں اور طلبہ کے قلوب میں عشق مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انقلاب برپا کر رکھا ہے۔

س: آپ کے سیشن میں عشرہ شہدائے راہ وفا منایا گیا، شہداء کے خاندانوں کے کیا تاثرات رہے ملاقات میں؟

شہداء انجمن ہماری اس عظیم تحریک کا اثاثہ ہیں، ان کے خون کی آبیاری نے ہی انجمن کے پیغام دوام بخشتے ہوئے بام عروج کی طرف دھکیلا۔ ان کے خاندان کے لوگ اور اہل و

عیال بھی وہ ہی جذبات اپنے دل میں سمائے ہوئے بے سرو سامانی میں بھی انجمن کا ساتھ دیتے ہیں جس پر ہمیں فخر ہے۔

س: شہدائے انجمن کے خاندانوں کی کفالت کا کوئی نظام ہے؟

جی ہاں، انجمن طلبہ اسلام اپنے سابقین کے اداروں المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی، مصطفائی تحریک، مسلم ہینڈز، شیڈ فاؤنڈیشن، اور دیگر فلاحی اداروں کے ذریعے شہدائے انجمن کے خاندان کی کفالت اور ان کے بچوں کے تعلیمی و دیگر اخراجات پورے کرتی ہے۔

س: غازیان انجمن و سابقین نے جو قربانیاں دیں کیا انکو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے کوئی سرگرمی کا انعقاد کیا یا اس حوالے سے پلان رکھتے ہیں؟

ہمارے موجودہ سیشن میں غازی انجمن اور اعزازی رکن رمضان جانہ صاحب کا وصال ہوا، ہم نے سیشن کے آخر میں بہترین کارکردگی ادا کرنے والے ذمہ دار، یونٹس، ضلع کو رمضان جانہ ایوارڈ/سرٹیفیکیٹ دینے کا اعادہ کیا ہے۔ باقی بھی وقتاً فوقتاً انجمن طلبہ اسلام اپنے شہداء، غازیان وسابقین انجمن کو خراج تحسین پیش کرنے لیے مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کرتی ہے۔

س: طلبہ یونین پر پابندی سے کیا نقصانات اس ملک و ملت کو اٹھانے پڑے؟

طلبہ یونین پر پابندی سے ہمارا ملک پڑھی لکھی، تربیت یافتہ قیادت سے محروم ہو گیا، جس سے ملک میں موروثیت نے اپنی جڑیں مضبوط کر لیں۔

س: انجمن کے اندر کیا تس دیلی چاہتے ہیں؟

جواب: اس سوال کا جواب سیشن کے آخر میں ہماری کارگردگی خود دے گی کہ کیا چاہتے تھے اور کیا تبدیل کیا۔ انجمن کا تربیتی نظام کیسا ہے، حقائق پر مبنی معاملات سے آگاہ کریں۔ انجمن طلبہ اسلام کا تربیتی نظام بہت منفرد ہے۔ جس طرح دین اسلام نے انسانی زندگی اور زندگی کے تمام اصولوں پر مکمل ضابطہ اخلاق تحریر کیے ہیں اسی طرح انجمن بھی تربیتی معیار کے تمام ضابطہ اخلاق وضع کر چکی ہے، ہاں اب یہ بات الگ ہے کے ان پر ہم عمل کتنا کر رہے ہیں۔

س: انجمن طلبہ اسلام راہ اعتدال پر گامزن ہے اس سے کیا مراد ہیں؟ کہیں چپ سادھ لینا تو پالیسی نہیں؟

اعتدال پسندی سے مراد میانہ روی ہے جس کے احکامات دین اسلام دیتا ہے، جہاں ایک طرف ایشیا کو سرخ اور دوسری طرف سبز کرنے کی باتیں ہوتی ہوں، جہاں ایک طرف نوجوانوں کو سامراجوں دوسری طرف اسلامی نام کا نام نہاد لبادہ اوڑھنے کا پرچار کرنے کا پیغام دیا جاتا ہو، وہاں انجمن طلبہ اسلام اگر نوجوانوں کو دونوں قوتوں سے آزاد کروا کر اعتدال پسندی میانہ روی کا درس دے تو یہ چپ سادھ لینے کی پالیسی کیسے ہوئی، انجمن تو ہر نوجوان کو اتنا باشعور بناتی ہے کہ وہ ان فرسودہ نظریات سے نکل کر دین محمدی کی طرف پلٹ کے نفاذ نظام مصطفیٰ کا پرچار کرے۔

س: اہلسنت کی اجتماعی صورتحال پر کیا کہیں گے۔؟

ایک بار پھر ضرورت محسوس ہو رہی ہے جس انداز میں میں انجمن طلبہ اسلام نے 90 کی دہائی میں اہلسنت کے بکھرے موتیوں کو جمع کر کے اتحاد و یکجانیت کے ساتھ ایک پلیٹ فارم سنی سپریم کونسل دیا تھا، اب دوبارہ انجمن کے پلیٹ فارم سے ان بکھرے موتیوں کو تسبیح کے دانوں کی طرح ایک لڑی میں پرو

صدر انجمن سمیت تمام ذمہ داران مشاورت کے سامنے جواب دہ ہیں۔ لیکن صدر انجمن مجلس مشاورت کے سربراہ ہوتے ہیں۔

دیں۔

س: کیا تمام صوبائی بشمول ریاست کشمیر کے الیکشن مکمل ہو چکے؟

جی الحمداللہ خیبر پختونخوا کے علاوہ تمام صوبائی وریاست کشمیر کے الیکشن ہو چکے ہیں، خیبر پختونخوا کے حالات سازگار ہوتے ہی عید کے بعد الیکشن متوقع ہیں۔ کارکنان انجمن کے لیے اس سال یہ بھی خوشخبری ہے کہ انجمن اپنا پیغام گلگت بلتستان اور گوادار لے کر بہت جلد پہنچ رہی ہے۔

س: نفاذ اردو کے لیے کیا کوشش ہیں انجمن کی؟

مادری زبان ہونے کے ساتھ انجمن کی بھی دستوری اور آئینی زبان اردو ہی ہے، اس سلسلے میں تمام کالجز اور جامعات میں نفاذ اردو کی فکر لیے سیمینارز اور لیکچرز کا انعقاد کر کے طلبہ میں فکر جگا رہے ہیں۔

س: ممتاز قادری، غازی علم الدین و دیگر شہدائے ختم نبوت پر کیا رائے رکھتے ہیں۔؟

ان عظیم لوگوں نے عشق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کا جام پی کر بازی جیت کر اپنی زندگی امر کر دی، اب ہماری باری ہے۔

س: موجودہ ملکی حالات کا ذمہ دار کس کو سمجھتے ہیں؟

تمام سیاسی جماعتیں، ان کی پالیسیز اور ہر چھوٹے بڑے کی کرپشن موجودہ حالات کے ذمہ دار ہیں سابقین انجم۔ کے لیے پیغاہم لوگ آپ ہی کے لگائے ہوئے پودے کی آبیاری کرنے کی تگ ودو میں دن رات ایک کر رہے ہیں، ویسے تو اب آپ کا لگایا ہوا پودا ہمارے سامنے ایک تن آور درخت کی شکل میں موجود ہے، اگر اس تن آور درخت کی آبیاری کے لیے ہمارے خون کی ضرورت پڑی تو بھی ہم دینے سے دریغ نہیں کریں گے، اس انجمن کے درخت کی جڑیں پورے ملک کے طول وعرض میں ایک بار پھر پھیلیں گی انشاءاللہ۔ظلمت سے کہواب کوچ کرے،،، ہم روشنیوں کے پیامی ہیں اب قریہ قریہ چمکے گا آثار امید سحر کے ہیں۔

س: حاضرین انجمن کے لیے پیغام

آپ حاضرین ہی ہمارے بازو ہیں، جس طرح آپ اپنی قیادت کو امید سحر کی نظروں سے دیکھ رہے ہیں اسی طرح موجودہ قیادت کی امید آپ حاضرین سے ہے، آپ کارکنان، امناء اراکین ہمارے دست و بازو ہیں ہماری ہر سرگرمی آپ کی کاوشوں سے کامیاب اور آپ کی سستی سے ناکامہ ہونی ہے، لہذا اب کمر کس لیں اور ہمت مضبوط کرتے ہوئے اپنے جواں جذبوں کے ساتھ عزم دہرائیں کہ جب تک جسم میں خون باقی ہے، خون میں حرارت باقی ہے، حرارت میں سانس باقی ہے حشر کا سورج طلوع ہونے تک نفاذ نظام مصطفیٰ کے لیے نوجوانوں اور طلبہ کے قلوب میں عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انقلاب برپا کرنے کے لیے میدان عمل ہر دستے کے صف اول پر ہونگے۔ اللہ کریم ہم سب کا حامی وناصر ہو۔

مرکزی مجلس مشاورت انجمن طلبہ اسلام کا اہم ترین پالیسی ساز ادارہ ہے۔

20شوال

# انجمن طلبہ اسلام کی تشکیل اور بانی ارکان کا کردار

تحریر: معین نوری

20شوال 1387ہجری کو، وطن عزیز کے طلبہ کے مقدس جذبوں کی امین تنظیم انجمن طلبہ اسلام کا قیام عمل میں آیا۔ انجمن کا مقصد طلبہ کے دلوں میں عشق رسول کی شمع فروزاں کر کے، اُن میں صحیح اسلامی روح بیدار کرنا ٹھہرا۔

انجمن کی تشکیل کے اجلاس میں 11افراد نے شرکت کی۔ جن کا تعلق دو تنظیموں جمعیت طلبہ اہلسنّت و جماعت اور انجمن محبان اسلام سے تھا۔ جمعیت طلبہ اہلسنت کے بانی جناب مولانا محمد یعقوب قادری اور انجمن محبان اسلام کے بانی جناب مولانا جمیل احمد نعیمی تھے۔

میاں فاروق مصطفائی انجمن کے تاسیسی اجلاس کے بارے میں لکھتے ہیں "یہ اجلاس بابرکت ثابت ہوا اور اس میں دونوں جماعتوں کے ادغام سے انجمن طلبا اسلام کا قیام عمل میں آیا" (مضمون: میاں فاروق مصطفائی، نوائی انجمن اسلام آباد، جنوری (2001۔

انجمن کے تاسیسی اجلاس میں چار بڑے فیصلے ہوئے ۔ جمعیت طلبہ اہلسنت اور انجمن محبان اسلام کو ختم کر کے اور ان کو آپس میں ضم کر کے انجمن طلبہ اسلام کے نام سے ایک نئی تنظیم کا قیام عمل میں لایا گیا۔

عہدے داروں کا انتخاب ہوا۔ دستور کی تیاری کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی اور انجمن کا مرکزی دفتر کراچی میں رکھنے کا فیصلہ ہوا۔

انجمن طلبہ اسلام کی تاریخ میں یا کسی اجلاس میں کبھی کسی ایک فرد کو انجمن کا تنہا بانی قرار نہیں دیا گیا۔ ہمیشہ انجمن کا بانی اُن تمام افراد کو تصور کیا گیا جنہوں نے 20 شوال کو انجمن کے تاسیسی اجلاس میں شرکت کی۔ حتیٰ کہ اُن متحرک اور سرگرم افراد کو بھی انجمن کا بانی یا بانی رکن قرار نہیں دیا جا سکا جو اتفاقاً کسی ذاتی مصروفیت کے باعث انجمن کے تاسیسی اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے تھے۔

یہی وجہ ہے کہ انجمن کی ابتدا سے ہی بانی کا لفظ تاسیسی اجلاس کے مختلف شرکاء کے لیے استعمال ہوتا رہا ہے۔

انجمن طلباء اسلام کی تشکیل، مختلف جگہوں پر شاخوں کے قیام اور اس کو فروغ دینے میں بعض ایسے افراد کا بھی اہم کردار ہے جو اُس وقت "طالب علم" نہ تھے اور فقط نبی کریم ﷺ کی محبت میں سرگرم تھے۔ ان میں تاسیسی اجلاس کے بعض شرکاء سمیت مختلف شہروں میں انجمن کے تحریکی معاونین و سرپرست بھی شامل ہیں۔

کراچی کی ایک چھوٹی سی مسجد میں تشکیل پانے والی یہ تنظیم آگے چل کر طلبہ کی ایک بڑی تنظیم بنی۔ میاں فاروق مصطفائی، مولانا جمیل احمد نعیمی صاحب کے بارے میں لکھتے ہیں "یہ انہی کی ذاتِ گرامی تھی جس کے سبب طلبہ کی اس نوخیز تنظیم کو سوادِ اعظم کے علماء اور مشائخ کی نظرِ التفات میسر آئی" (مضمون: نوائے

صوبائی مجلس عاملہ صوبے کا اعلیٰ ترین ادارہ ہے جس کے سامنے صوبائی ناظمین سمیت تمام کابینہ جواب دہ ہے۔

انجمن، اسلام آباد، جنوری 2001ء)۔

محمد حنیف حاجی طیب کے بارے میں مولانا جمیل احمد نعیمی، محمد یعقوب قادری اور فاروق مصطفائی متفق ہیں کہ "اے ٹی آئی کے فروغ میں سب سے زیادہ کام حنیف طیب نے کیا ہے"۔

دوسری طرف محمد یعقوب قادری شہید نے اپنی زندگی کے سنہرے ایام اس تنظیم پر وار دیئے اور ناکافی وسائل کے باوجود، انجمن کے پروگراموں میں اُن کی شرکت کا سلسلہ آخری دم تک برقرار رہا۔

میاں فاروق مصطفائی اپنی سرکاری ملازمت کے باعث اے ٹی آئی کو فیلڈ میں زیادہ وقت نہ دے پائے۔ مگر ان کے مفید مشورے ہر قدم پر انجمن کے ساتھ رہے۔

اُن ہی کے توسط سے، پنجاب میں اُن کے بھانجے ساجد محمود (متوفی 18 دسمبر 2002ء) اور ماسٹر فیاض احمد رضوی (متوفی 24 اگست 1991ء) نے خانیوال اور اوکاڑہ سے انجمن کا آغاز کیا۔

انجمن طلبہ اسلام کا بانی رکن ہونا ایک اعزاز کی بات ہے مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ کوئی بانی رکن یا انجمن کی کوئی مرکزی قیادت ہر غلطی کے ارتکاب سے پاک ہے یا کہ بانی رکن سے بڑھ کر کوئی اور انجمن کا خیر خواہ نہیں ہو سکتا۔ اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ انجمن کے کسی بانی رکن، سابق عہدیدار یا کارکن کو کسی بھی وجہ سے اس کی سابقہ خدمات، اعزاز یا سابقہ عہدے سے محروم کر دیا جائے۔

انجمن طلبہ اسلام کے بانی اراکین میں مولانا جمیل احمد نعیمی (متوفی 18 نومبر 2020ء)، محمد یعقوب قادری (شہید، یکم اگست 2013ء)، محمد حنیف حاجی طیب اور میاں محمد مختار (میاں فاروق مصطفائی) کے نام زیادہ نمایاں ہیں۔

اس کی وجہ اِن افراد کی انجمن کے ساتھ زیادہ قربت اور مسلسل رابطہ ہے۔ تشکیلِ انجمن کے وقت مولانا جمیل احمد نعیمی کی عمر 33 سال، محمد یعقوب قادری کی 25 سال، فاروق مصطفائی کی 22 سال اور محمد حنیف طیب کی 20 سال تھی۔ یہ حسنِ اتفاق ہے کہ ان چاروں ناموں میں ہمارے آقا ﷺ کا نامِ نامی شامل ہے، جس کی برکت سے انجمن طلبہ اسلام ایک ملک گیر تنظیم بنی اور اسی نام سے تعلق کو مضبوط کر کے انجمن طلبہ اسلام دونوں جہاں کی سعادتیں سمیٹ سکتی ہے۔ کتنی قومیتیں وجود میں آئیں،

دہر میں خشک و تر کے رشتے سے رشتے سے
ہم نے بنیادِ دوستی رکھی ذاتِ خیر البشر کے رشتے سے

## اعلان

☆ صراطِ المستقیم مہم:

ماہِ رمضان المبارک میں ملک بھر کے امناء و اراکین کے لیے صراطِ المستقیم مہم کا آغاز کیا جا چکا ہے جس میں تمام امناء و اراکین کی خصوصی تربیت کا اہتمام کیا جائے گا۔ تربیتی حوالے سے ہر صوبہ امناء و اراکین کی شب بیداری کا اہتمام کرے گا۔ نیز تمام امناء و اراکین کے لیے آن لائن کلاسز اور لیکچرز کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ جس کی نگرانی مرکزی جوائنٹ سیکرٹری کامران اکبر رضوی کریں گے۔

صوبائی انتظامیہ دو حصوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ صوبائی کابینہ، صوبائی مجلس عاملہ



انجمن طلبہ اسلام کوٹ مومن کے زیر اہتمام دعوت افطار سے جنرل سیکرٹری پنجاب دانش وڑائچ خطاب کر رہے۔



فیصل آباد میں ختم نبوت بارے عورتوں کے جھوٹے دعوے اور انکی گرفتاری کے لیے انجمن طلبہ اسلام سرگودھا کے زیر اہتمام ریلی کے مناظر۔



عیدالفطر کے موقعہ پر انجمن طلبہ اسلام کی جانب سے یتیم، مساکین و گھر سے بھاگے ہوئے لاوارث بچوں کے ساتھ اے ٹی آئی کی جناب سے چکوال، سرگودھا، لاہور، کراچی سمیت پاکستان بھر میں عید کے دن گزارے۔



انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد اے بلاک کے ذمہ داران کی جانب سے کارکنان کے لیے ٹی پارٹی کا اہتمام و تربیتی نشست



قائد طلبہ برادر مبشر حسین حسینی اور جنرل سیکریٹری انجمن طلبہ اسلام پنجاب جنوبی برادر سکندر اقبال نوناری کی ناظم ضلع رحیم یار خان برادر اشفاق لودھی، سٹی ناظم برادر عمیر لودھی کے ہمراہ رحیم یار خان میں تربیتی نشست میں شرکت



11 مارچ تا 20 مارچ عشرہ شہدائے راہ وفا کے تحت صدر انجمن برادر مبشر حسین حسینی، ناظم پنجاب برادر مہر عرفان ساہمل و رکن انجمن برادر عمیر اعوان کے ہمراہ بورے والا کا دورہ۔ شہید اول انجمن طلبہ اسلام افتخار احمد شہید و صداقت خان شہید کی مزار مبارک پر حاضری دے کر عشرہ شہدائے راہ وفا کا باقاعدہ آغاز کیا۔ بورے والا میں مقیم سابق ناظم پنجاب ملک رمضان لنگڑیال، پیر آصف محمود چشتی، اراکین انجمن ملک حسن لنگڑیال، کاشف بھٹی و امناء سے ملاقاتیں۔



انجمن طلبہ اسلام کی جانب سے سوہاوہ ڈگری کالج و جہلم پوسٹ گریجویٹ کالج میں ہمدرد سازی کیمپ کا انعقاد۔
ناظم جہلم برادر محمد عبداللہ سمیت دیگر کارکنان موجود



مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام برادر مبشر حسین حسینی کی اے ٹی آئی سندھ کے زیر اہتمام کراچی میں ہونے والے امید سحر کنونشن میں شرکت وخطاب۔
سندھ کے تمام رفقاء انجمن سمیت سابق مرکزی صدور، سیکرٹری جنرلز، سابق ناظمین سندھ اور مختلف علاقوں کے کارکنان و ذمہ داران کی شرکت۔



انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد میں انجمن طلبہ اسلام کے زیر اہتمام جیوے پاکستان طلبہ ریلی۔ ناظمِ جامعہ برادر محسن علی کی زیرِ قیادت کثیر تعداد میں طلبہ کی شرکت۔



تقریب حلف برداری مرکزی انتظامیہ واراکین مشاورت۔ سابق مرکزی صدر محترم غلام مرتضی سعیدی صاحب
، سابق سیکرٹری جنرل میاں خالد حبیب الہی ایڈووکیٹ صاحب نے ذمہ داران سے حلف لیا۔ بمقام: صوبائی سیکرٹریٹ ایوان خیر لاہور۔!





مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام برادر مبشر حسین حسینی ،شہید انجمن پیر محمد پیرل شہید ( مرکزی سیکرٹری جنرل ) کی سالانہ برسی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں مرکزی جوائنٹ سیکرٹری برادر صاحبزادہ وقاص رئیسانی،
ناظم بلوچستان برادر صدیق آفتاب، جنرل سیکرٹری بلوچستان برادر چوہدری تیمور سمیت معززین علاقہ ،رفقاء انجمن و کارکنان کی کثیر تعداد موجود۔




انجمن طلبہ اسلام کے تاحیات اعزازی رکن جناب رمضان عزیز المعروف جانہ صاحب کی نماز جنازہ مرکزی عیدگاہ صادق آباد میں ادا کر دی گئی۔ملک بھر سے انجمن طلبہ اسلام کے کارکنان، ذمہ داران
ورفقاء انجمن سمیت صدر انجمن برادر مبشر حسین حسینی ،غلام مرتضیٰ سعیدی سابق مرکزی صدر سمیت عوام الناس کی کثیر تعداد میں شرکت ۔






سیشن 2023 انجمن طلبہ اسلام کی مرکزی مجلس مشاورت کا پہلا اجلاس زیر صدارت
مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام برادر مبشر حسین حسینی کے صوبائی سیکرٹریٹ ایوان خیر لاہور میں ہوا۔





گوجرانولہ: وزیر آباد میں سابقین انجمن کی جانب سے نومنتخب جنرل سیکرٹری پنجاب شمالی دانش وڑائچ مصطفائی و دیگر ذمہ داران کے اعزاز میں عشائیہ







## انجمن طلبہ اسلام لاہور کہ زیر اہتمام غازی انجمن رمضان جانا صاحب کی وفات پر تعزیتی تقریب۔

## خصوصی شرکت مرکزی صدر مبشر حسین صاحب امیر مصطفائی تحریک غلام مرتضی سعیدی صاحب








قائد طلبہ برادر مبشر حسین کا ناظم پنجاب جنوبی برادر مہر عرفان ساہمل، جنرل سیکرٹری جنوبی پنجاب برادر سکندر اقبال کے ہمراہ حاصل پور آمد۔ امید سحر استحکام پاکستان طلباء کنونشن میں خصوصی خطاب۔ مہمانان گرامی۔ عامر علی رندھاوا مرکزی نائب صدر دوئم، محمد افضل دھرالہ رفیق انجمن وممبر پنجاب بارکاؤنسل لطیف کا نجوصدر بارایسوسی ایشن حاصل پور جنرل سیکرٹری بارایسوسی ایشن حاصل پور رفقاء انجمن طلبہ اسلام اصغر علی ورک، علی عثمان گھمن۔







قرآن کریم کی بے حرمتی کے خلاف اور کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے انجمن طلبہ اسلام کی جانب سے ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے۔ گوجرانولہ، پسرور، کامونکی وسیالکوٹ میں ہونے والے مظاہروں کی جھلکیاں







صدر انجمن برادر مبشر حسین حسینی کی بلوچستان آمد کے موقع پر مرکزی جوائنٹ سیکرٹری دوئم برادر وقاص رئیسانی، ناظم بلوچستان برادر صدیق آفتاب ودیگر کارکنان، ذمہ داران کے ہمراہ پیر محمد پیرل شہید (مرکزی سیکرٹری جنرل سانحہ نشتر پارک) کی مزار مبارک پر حاضری واہلخانہ سے ملاقات۔




مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام برادر مبشر حسین حسینی کی جنرل سیکرٹری سندھ برادر دانش ملک کے ہمراہ نوابشاہ میں شہید یعقوب قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے عرس مبارک کی تقریب میں شرکت، صاحبزادہ دانیال یعقوب قادری، ناظم ڈویژن بینظیر آباد احسن کھوکھر، کارکنان و رفقاء کے ہمراہ مزار مبارک پر حاضری۔




جموں کشمیر انجمن طلباء اسلام ضلع مظفر آباد کے زیرِ اہتمام یومِ شہدائے انجمن کے موقعہ پر شہدائے انجمن سیمینار کا انعقاد

سیمینار سے مرکزی فنانس سیکرٹری ATI پاکستان خواجہ وقاص یوسف، ناظم کشمیر سردار بیدار حسین، جنرل سیکرٹری کشمیر سید ماثر علی تابان گردیزی، سابق سیکرٹری جنرلز برادر حسنین مصطفائی، برادر خواجہ اسلم رضا نے اظہار خیال کیا۔




انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد میں سالانہ گرینڈ افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔



ایگری کلچر یونیورسٹی فیصل آباد میں انجمن طلبہ اسلام کے زیرِ اہتمام سالانہ گرینڈ افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔

رکن مرکزی مجلسِ مشاورت پروفیسر رحمت اللہ سیالوی و جنرل سیکرٹری جامعہ برادر جمشید حسین ہاشمی نے خصوصی شرکت کی۔

# حی الفلاح آنلائن لیکچرز مہم

## رپورٹ

تمام تعریفیں رحیم وکریم ذات کے لیے جس نے اپنا کریم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم میں مبعوث فرمایا اور ہماری بخشش کے واسطے رمضان المبارک کی مبارک ساعتیں عطا فرمائیں۔ رمضان المبارک میں روحانیت و نیکی کرنے کے جذبے سے انسانی مزاج سرشار ہوتا ہے اور نفس کو رب کے قریب محسوس کرتے ہوئے اسکی قربت میں رہتا۔الحمد اللہ انہی روحانی کیفت سے لبریز لمحات میں انجمن طلبہ اسلام کی جانب سے حی الفلاح آنلائن لیکچر سیریز کا اہتمام کیا گیا۔

جس میں عالمی سطح کے سکالرز نے مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔

لیکچر ہر تیسرے دن انجمن طلبہ اسلام کے مرکزی پیج پر رات 10 بجے نشر ہوتا رہا جبکہ 9 آنلائن لیکچرز ہوئے۔

جس میں پہلا لیکچر 3 رمضان المبارک کو سابق مرکزی صدر شمس المصطفی اسدی صاحب نے سیدہ کائنات کی شان اقدس پر خوبصورت علمی گفتگو فرمائی۔

6 رمضان المبارک کو دوسرے لیکچر سے دارلعلوم بھیرہ شریف کے ترجمان صاحبزادہ محمد نعیم الدین الازہری صاحب نے الحاد و دہریت کے بڑھتے ہوئے رجحان اور نوجوانوں کی ذمہ داریوں کے عنوان سے گفتگو کی۔

9 رمضان المبارک کو فرزند واصف علی واصف صاحبزادہ کاشف علی واصف صاحب نے نوجوان نسل اور تعلیمات صوفیاء پر خوبصورت گفتگو کرتے ہوئے بتایا صوفیاء کی تعلیمات محبت و بھائی چارے کا درس دیتی ہیں جس سے معاشرہ امن کا گہوارہ بن سکتا اور انجمن کے نواجوان بطور صوفیاء کے سفیر کردار ادا کریں۔

13 رمضان المبارک کو پروفیسر کاشف شریف مصطفائی صاحب نے موجودہ دور میں ATI سے وابستگی کیوں کے موضوع پر اظہار خیال کیا۔

15 رمضان المبارک کو سابق مرکزی صدر ڈاکٹر ظفر اقبال نوری صاحب نے تنظیمی وتحریکی زندگی میں نظم وضبط کے عنوان سے گفتگو کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ہمیں اقوام عالم میں کھڑا ہونے کے لیے خود کو منظم و مربوط حکمت عملی کے ساتھ چلنا ہوگا۔

17 رمضان المبارک کو سابق مرکزی نائب صدر ATI پاکستان محترم شاہد رضا صاحب نے Importance of English in Modern age" کے عنوان سے گفتگو کی اور اس بات پر زور دیا کہ موجودہ وقت میں اپنے نظریے کو بہتر انداز سے عام کرنے کے لیے عالمی زبان سے بہترین شناسائی رکھنی ہوگی اور یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ علم کا بہت بڑا ذخیرہ انگلش زبان پر عبور حاصل کیے بغیر ہم حاصل نہیں کر سکتے۔

26 رمضان المبارک کو سابق مرکزی صدر ATI راجہ اظہر عباس سیالوی صاحب نے سوشل میڈیا پر مذہب و ملت خلاف رویے اور ہماری ذمہ داریاں کے عنوان سے خوبصورت

گفتگو کرتے ہوئے مثبت رویوں اور الحاد کے خلاف جارحانہ حکمت عملی اپنانے کا درس دیا۔

27 رمضان المبارک کو عظیم روحانی سکالر صاحبزادہ عاصم مہاروی صاحب نے مختلف موضوعات پر بات کرتے ہوئے اس طرف توجہ دلائی کہ معاشرے کو بہتر بنانے کے لیے اپنی ذات کو درست کرنا ہوگا، معاشرے کی اکائی انسان ہے اور انسان سے معاشرہ تشکیل پاتا۔ جبکہ انجمن طلبہ اسلام کے بارے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا آپ پھول ہیں اپنی خوشبو سے عشق محمدی کا خوب پرچار کرتے ہوئے زمانے کو معطر کر دیں۔

جبکہ 28 رمضان المبارک کو صدر انجمن برادر مبشر حسین حسینی صاحب نے اختتامی گفتگو کی، جس پر انہوں نے کارکنان انجمن کو شاندار انداز میں حی الفلاح مہم میں شمولیت کرنے پر خراج تحسین پیش کیا اور آئندہ کی حکمت عملی پر مفصل گفتگو کرتے ہوئے کارکنان انجمن کے خون کو گرمایا۔

الحمدللہ مجموعی طور پر حی الفلاح آنلائن مہم کو 21 ہزار سے زائد افراد نے دیکھا اور 3700 سے زائد لوگوں نے اس پر رائے پیش کی جبکہ 2600 سے زائد احباب نے اس مہم کو سراہتے ہوئے شیئر کیا۔ اسکی کامیابی پر ہماری جانب سے دعوے بے بنیاد ہوں گے بلکہ اسکے سننے والوں کی رائے بہترین عکاسی کر سکتی ہے آیا مہم کامیاب رہی یا نہیں۔

بطور مرکزی سیکرٹری نشر و اشاعت راقم سید حسنین نوری اس مہم میں تعاون کرنے والے احباب بالخصوص صدر انجمن جنکی سرپرستی شامل نا ہوتی تو یہ اہم ترین مہم سرانجام نا ہو پاتی۔ خلوص دل سے شکریہ تمام مقررین کا جنہوں نے انتہائی اہم موضوعات پر علمی و شاندار گفتگو فرمائی اور نوجوانوں کو نئی جہتوں سے آشنا کیا۔

سب سے زیادہ خراج تحسین کے مستحق انجمن طلبہ اسلام کی سوشل میڈیا ٹیم کے احباب ہیں جنکے تعاون سے ہمارا پیغام ہزاروں افراد تک پہنچا۔ جہاں، جس وقت جو کہا سوشل میڈیا ٹیم نے لبیک کہتے ہوئے جس جانفشانی سے کردار ادا کیا مرکزی کابینہ تمام کارکنان انجمن کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ اہم اعلان! حی الفلاح مہم میں غیر معمولی کردار ادا کرنے والے تمام احباب کو مرکز کی جانب سے (غازی انجمن رمضان جانہ ایوارڈ) تحائف پیش کرتے ہوئے انکی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کی سعی ہوگی۔

## اعلان

☆ امداد طلبہ مہم:

16 تا 30 مئی 2023 امداد طلبہ مہم کا انعقاد کیا جائے گا جسکے تحت ملک بھر میں مستحق طلبہ میں کتب تقسیم کی جائیں گی اور انکی دیگر تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے قدامات کیئے جائیں گے۔

# محمد رمضان عزیز المعروف جانا غازی

تاحیات اعزازی رکن

تحریر: کامران اکبر رضوی

رمضان بھائی صوبہ پنجاب کی آخری تحصیل صادق آباد شہر میں حاجی عبدالعزیز کے گھر 31 دسمبر 1973 میں پیدا ہوئے آپکا خاندان شہر کا معروف کاروباری اور سیاسی پہچان رکھتا ہے گورنمنٹ ماڈل سکول صادق آباد سے 1988/89 میں میٹرک پاس کی اور پھر ٹکنالوجی کالج میں داخلہ اور انجمن طلبہ اسلام میں شمولیت اختیار کی اسی دوران 2 فروری 1992 میں قائداعظم میڈیکل کالج میں غنڈہ گرد تنظیم کی دہشت گردی کا شکار ہوئے۔

ریڑھ کی ہڈی میں گولیاں لگنے سے معذور ہو گئے۔ اس سخت اور کڑے وقت میں اس وقت کے مرکزی صدر محترم غلام مرتضیٰ سعیدی صاحب نے تادم مرگ ساتھ نبھایا (رمضان جانا کے ساتھ سعیدی صاحب کا رشتہ بھائیوں جیسا تھا) اسی طرح خاندان میں ان کے بھائی محمد رفیق نے اپنی زندگی جانا کے نام کی۔ ان کے بھائی کا کہنا ہے کہ ہم مشکور ہیں ATI کے کہ جس نے 32 سال وفاؤں کا رشتہ نبھایا جس کی مثال نہیں ملتی۔

پہلا اور دوسرا آپریشن بہاولپور میں کرایا گیا پھر لاہور جنرل ہسپتال پھر المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی بلمقابل سپر مارکیٹ اسلام آباد وہاں سے ریڈ کریسنٹ ہسپتال حیات آباد پشاور اور 5/6 ماہ کراچی اس 5/6 سال کے عرصہ میں جہاں جہاں علاج کے لیے گئے تو 3 لوگ بالخصوص غلام مرتضیٰ سعیدی خواجہ مزمل رحمتہ اللہ علیہ اور صادق آباد سے رئیس محمد جمیل مسلسل ساتھ رہے اور انجمن سے وابستہ حاضرین و سابقین ہر شہر میں پہنچتے رہے۔ رمضان جانا صاحب نے بظاہر معزوری مگر عزم و ہمت سے زندگی گزاری۔

معذوری کی حالت میں بھی کسی پر خود کو بوجھ نہیں بننے دیا۔ اپنا کاروبار کیا اور اس سے انجمن کی معاونت کرتے رہے۔

ایک تاریخی بات جو رمضان جانا صاحب نے مجھ سے کی وہ ان کی زندہ دلی اور ATI سے محبت واضح کرتی ہے کہ بھٹی صاحب یہ ضرور ہے میں بدنی طور پر آپ کے ساتھ نہیں ہوں لیکن مالی طور پر انجمن کی معاونت کر کے میں خوشی محسوس کروں گا اگر میری اس معزوری کی وجہ سے آپ میرے ذمہ کوئی کام نہ لگائی تو مجھے دکھ ہوتا ہے۔

یہ معذوری میرے لیے بارگاہِ رسالتِ مآب ﷺ میں ایک سند ہے جو کہ روز محشر میرے لیے سرخروئی کا باعث بنے گی۔ مجھے بہت سارے صدور انجمن کے ساتھ حاضری کا شرف حاصل ہوا اور یقیناً جو بھی منتخب عہدہ دار رمضان بھائی کو مل کر جاتا تھا نیا حوصلہ و ولولہ اور جذبہ کے ساتھ کام کرتا تھا۔ (غلام عباس بھٹی رفیقِ انجمن صادق آباد) رمضان جانا صاحب انتہائی بہادر اور وفا کا پیکر تھے۔ انکے ساتھ بہت گہرا رشتہ تھا۔ انجمن میں شمولیت اور پھر معذوری سے لے کر آخری ایام تک ان سے ربط قائم رہا۔ رمضان جانا صاحب میں خاص بات یہ تھی کہ اس

معزوری کے عالم میں بھی مایوسی والا عنصر ان میں نہیں تھا پایا جاتا۔ دوران علاج ان کے ساتھ کافی وقت گزارا کبھی زباں پر شکوے کے الفاظ نہیں آئے۔

ان کے وصال سے ایک دن پہلے ٹیلیفون پر بات ہوئی تو بتایا گیا کہ طبیعت ناساز ہے۔ ان کے پاس جانے کا ارادہ کیا مگر رات کو انکے وصال کی خبر پہنچی۔ بس سب بڑے دکھ کی بات میرے لیے یہ ہے کہ ان کے آخری وقت میں انکے پاس نہیں تھا۔ (غلام مرتضی سعیدی سابق صدر ATI و امیر مصطفائی تحریک) وفا کی عظیم داستاں رقم کرنے والا مجاہد 5 مارچ 2023 کو خالقِ حقیقی کے بلاوہ سے بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ میں پیش ہوگیا۔

مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام مبشر حسین حسینی، ناظم پنجاب عرفان ساہمل، سابق مرکزی صدر غلام مرتضی سعدی اور حاضرین وسابقین کی کثیر تعداد نے انکے جنازے میں شرکت کی۔ اس عظیم مجاہد کو سیدی مرشدی یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ کی گردانوں میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔ اللہ کریم انکی خدمات کو قبول فرما کر جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا کرے۔ (آمین)

صدر انجمن برادر مبشر حسین حسینی صاحب درج ذیل شیڈول کے مطابق پنجاب شمالی کا تفصیلی تنظیمی دورہ کریں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 18،19 مئی جمعرات، جمعہ | جہلم | 10 مئی بدھ | لاہور |
| 20 مئی ہفتہ | راولپنڈی، اسلام آباد | 11 مئی جمعرات | سیالکوٹ |
| 21 مئی اتوار | چکوال | 12 مئی جمعہ | گجرات |
| 22 مئی سوموار | منڈی بہاؤالدین | 13 مئی ہفتہ | نارووال |
| 23 مئی منگل | خوشاب | 14 مئی اتوار | بجوات |
| 24 مئی بدھ | ننکانہ صاحب | 15،16 مئی سوموار، منگل | سرگودھا |
| 25 مئی جمعرات | قصور | 17 مئی بدھ | گوجرانوالہ |
| | 26 مئی جمعہ | اوکاڑہ | |

# انٹرویو سیکرٹری جنرل ATI

| | |
|---|---|
| نام | راجہ منصور اقبال |
| ولدیت | راجہ ظفر اقبال |
| تاریخ پیدائش | 08مئی 1992 |
| تنظیمی حثیت | رکن |
| تنظیمی ذمہ داری | مرکزی سیکرٹری جنرل |
| تعلیم. | ایم ایس سافٹویئر انجینئر |

تعلیمی ادارہ:

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد IIUI

س: انجمن طلبہ اسلام میں کب اور کس نے شامل کیا؟

2007 جہانزیب ستی

س: انجمن میں شمولیت کے بعد کن ذمہ داریوں پر کام کر چکے ہیں؟

ناظم البیرونی ڈگری کالج پنڈ دادنخان

ضلع ناظم پنڈ دادنخان

کمپس ناظم اسلامک یونیورسٹی

نائب ناظم اسلامک یونیورسٹی

نائب ناظم پنجاب شمالی

مرکزی جوائنٹ سیکرٹری اول

مرکزی نائب صدر اول

قائم مقام مرکزی صدر

س: موجودہ تنظیمی صورتحال پر کیا کہنا چاہیں گے؟

موجودہ مرکزی وصوبائی قیادتیں جس جذبے، ہمت اور محنت سے امید سحر کی بنیاد رکھی ہے یقینا یہ مستقبل قریب میں اس کے نتائج سب کے سامنے ہوں گے۔

س: انجمن طلبہ اسلام کس طرح مزید بہتر انداز میں نظریے کے فروغ کے لیے کام کر سکتی ہے۔؟

موجودہ دور میں فکری اور نظریاتی کام کی اشد ضرورت ہے ایک طرف الحاد پسندی اور دوسری طرف فحاشی وعریانی کا بڑھتا ہوا سیلاب ہے دونوں طبقات کا بنیادی ٹارگٹ طلباء و طالبات ہیں ایسے حالات میں انجمن کو دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق اپنے کا کو مزید منظم کرنے کی ضرورت ہے۔

س: انجمن طلبہ اسلام میں سب سے زیادہ کس شخصیت کو پسند کرتے ہوئے قابل تقلید سمجھتے ہیں۔؟

س: انجمن سے وابستہ ہر شخص قابل احترام ہے لیکن قریب سے جنھے دیکھ کر محسوس کیا ان میں بانی رکن انجمن میاں فاروق مصطفائی اور سابق مرکزی صدر سید جواد الحسن کاظمی میری پسندیدہ اور قابل تقلید شخصیات ہیں۔

س: بطور ذمہ دار کن کن علاقوں کا دورہ کر چکے ہیں؟

فی الحال تفصیلی دورہ نہیں کیا تنظیمی معاملات کو دیکھ رہا ہوں پنجاب شمالی وجنوبی کے چند اضلاع اور شہداء کے مزارات پر حاضری کا شرف حاصل ہوا ہے۔

س: انجمن طلبہ اسلام میں کیا چیز سب سے زیادہ متاثر کرتی آپکو؟

انجمن کا آفاقی مشن اور نظریہ خوف خدا اور محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔

س: چاروں صوبوں اور ریاست کشمیر کے افراد کے مزاج پر کے حوالے سے کیا کہیں گے؟

ہر علاقے کے اطوار رہن سہن، طرز معاشرت، طرز تخاطب دوسرے علاقے سے مختلف ہیں بطور طلباء تنظیم فروغ عشق رسول میں سرگرم ہر طالب علم محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں یکساں ہے

س: موجودہ تعلیمی نظام کے حوالے سے آپ کیا رائے ہے؟

موجودہ نظام تعلیم ملکی تنزلی کی سب سے بڑی وجہ ہے ہمارے ہاں سالانہ لاکھوں کی تعداد میں ڈاکٹرز، انجینئرز اور دیگر ڈگری ہولڈر تو پیدا ہو رہے ہیں لیکن عملی زندگی میں انکا کردار مایوس کن دیکھائی دیتا ہے جسکی بڑی وجہ ہمارا نظام تعلیم اور نصاب تعلیم ہے جو 20 ، 18 سال کے بعد ایک طالب علم میں احساس ذمہ داری، ملک قوم کی خدمت کا جذبہ پیدا کرنے کی کی سکت نہیں رکھتا۔

س: بطور طلبہ تنظیم ATI کس طرح موجودہ ملکی حالات کیں بہتری کے لیے مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں۔؟

انجمن طلباء اسلام کا بلواسطہ تعلق نوجوانوں اور طلباء سے ہے کسی بھی معاشرے ملک اور ریاست کی ترقی، خوشحالی اور فلاح و بہبود میں نوجوان نسل کا کردار اہمیت کا حامل ہے طلباء یونین پر چار دہائیوں سے پابندی کے باوجود انجمن نے لاکھوں با کردار اور پاکیزہ فکر نوجوان ملک ملت کو دیئے اور یہ سلسلہ تسلسل سے جاری وساری ہے۔

س: اے ٹی آئی و دیگر طلبہ تنظیمات کا موازنہ کیسے کرتے ہیں؟

انجمن طلباء اسلام و دیگر تنظیموں میں موازنہ کسی طرح بھی ممکن نہیں دیگر طلباء تنظیموں اکثر و بیشتر کسی خاص شخص یا کسی سیاسی جماعت کی بغل بچہ نظر آتی ہیں جبکہ انجمن طلباء اسلام سیاسی و شخصی وابستگی سے بالاتر آزاد طلباء تنظیم ہے۔

س: آپ کے سیشن میں عشرہ شہدائے راہ وفا منایا گیا، شہداء کے خاندانوں کے کیا تاثرات رہے ملاقات میں؟

شہدائے انجمن کے خاندان کے جس بھی فرد سے ملاقات ہوئی وہ شہید کا خاندان اور انجمن سے وابستگی کو نہ صرف قابل فخر سمجھتے ہیں بلکہ اپنے لیے ذریعہ نجات مانتے ہیں۔

س: شہدائے انجمن کے خاندانوں کی کفالت کا کوئی نظام ہے؟

انجمن طلباء اسلام کے رفقاء اس ضمن میں کام کر رہے ہیں انجمن کے حاضر ذمہ داران رفقاء کے توسط سے اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

س: غازیان انجمن وسابقین نے جق قربانیاں دیں کیا انکو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے کوئی سرگرمی کا انعقاد کیا یا اس حوالے سے پلان رکھتے ہیں؟

جی ہاں مستقبل قریب میں ملک گیر سطح پر رفقاء انجمن کو خراج عقیدت پیش کرنے کے حوالے سے ارادہ ہے۔

س: طلبہ یونین پر پابندی سے کیا نقصانات اس ملک و ملت کو اٹھانے پڑے؟

طلباء یونین پر پابندی سے جہاں ملک میں سیاسی لیڈرشپ کا فقدان بڑھ رہا ہے وہیں جاگیردارانہ نظام کی جڑیں بھی پہلے سے زیادہ مضبوط ہو رہی ہیں جس سے وطن عزیز کا مستقبل، حال کی طرح تاریک نظر آ رہا ہے جھوٹ، اقرباء پروری، رشوت، کرپشن جیسے عناصر میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔

س: انجمن کے اندر کیا تبدیلی چاہتے ہیں؟

انجمن کے نظام اور نصاب کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ انجمن کا تربیتی نظام کیسا ہے، حقائق پر مبنی معاملات سے آگاہ کریں۔! انجمن کا تربیتی نظام پہلے ادوار سے مختلف ہو گیا ہے موجودہ دور میں تربیتی کورسز، شب بیداریاں اور ریفریشر کورسز کا انعقاد تسلسل سے نہیں رہا جس نے تربیتی نظام کو شدید متاثر کیا ہے۔

س: انجمن طلبہ اسلام راہ اعتدال پر گامزن ہے اس سے کیا مراد ہیں؟

راہ اعتدال سے دو اہم نکات مراد ہیں ایک تو انجمن طلباء اسلام عقیدہ توحید خوف خدا اور عقیدہ رسالت محبت مصطفی پر کاربند رہتے ہوئے صحابہ کرام، اہل بیت اطہار اور اولیاء امت کے حفظ مراتب کا خیال رکھتے ہوئے تمام ہستیوں کے احترام کا درس دیتی ہے دوسرا انجمن طلباء اسلام ملک کے تعلیمی اداروں میں شدت پسندی کے خاتمے، دائیں اور بائیں بازو کی تحاریک سے بالاتر ہو کر راہ اعتدال پر گامزن ہے۔

س: اہلسنت کی اجتماعی صورتحال پر کیا کہیں گے۔؟

علامہ نورانی اور نیازی صاحب کی رحلت کے بعد اہلسنت کو سیاسی سطح پر کوئی قابل ذکر شخصیت نہیں ملی تاہم موجودہ دور میں بہت سے علما و مشائخ بہترین انداز میں کام کر رہے ہیں انکی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔

س: سابقین انجمن کو کیا پیغام دیں گے؟

سابقین انجمن کے لیے یہی پیغام ہے وہ انجمن کی پالیسیوں کا احترام کرتے ہوئے اپنے علاقے میں موجود حاضر ذمہ داران سے تعاون جاری رکھیں۔

س: حاضرین انجمن کے لیے پیغام

انجمن طلباء اسلام کے ہر سطح کے کارکنان و ذمہ داران کے لیے یہی پیغام ہے آپ جس سطح پر کسی بھی ذمہ داری پر ہیں اپنے منصب اور ذمہ داری کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے تنظیمی کام کو منظم کریں تنظیمی کام کو بوجھ سمجھنے کے بجائے اپنی ذمہ داری سمجھ کر احسن طریقے سے سرانجام دیں۔

۔اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے حامی و ناصر ہوں۔

# امید سحر لوگو کیا بیان کر رہا۔؟

انجمن طلباء اسلام نے سیشن 2023 کو امید سحر کا نام دیا ہے۔

امید سحر لوگو کے گرد سنہری / گولڈن رنگ کا بارڈر مسجد اقصیٰ کے سنہری گنبد کی نسبت سے ہے۔

جو نوجوانان امت مسلمہ کو اس جانب توجہ دلاتا ہے کہ قبلہ اول کا دفاع، کشمیر و فلسطین سمیت دنیا بھر میں مظلوم و محکوم امت مسلمہ پر ہونے والے ظلم کے خلاف اخلاقی و دینی جسد واحد کی طرح حمایت جاری رکھے گی۔ تین پٹی انجمن طلباء اسلام کے پرچم کا رنگ ہے۔

جبکہ سب سے نیچے کتاب پر قلم ہے ، قلم کے اوپر گریجویشن / ایجوکیشنل کیپ ہے۔ جو کے انجمن کے نعرے قلم کتاب زندہ آباد کلاشنکوف مردہ آباد کی نشاندھی کرتا ہے، قلم کے اوپر دائیں جانب سورج کا نشان ہے جو اس بات کی نشاندھی کر رہا کہ ملک و ملت کیلئے سحر کی امید تعلیم ہی کے ذریعے ممکن ہے۔ طلباء یونین کی بحالی سے یکساں تعلیمی نظام اور ملک سے موروثی سیاست کے خاتمے کا خواب شرمندہ تعمیر ہوگا، اور پاکستان کو ایک پڑھی لکھی، سلجھی ہوئی طلبہ سیاست سے رفاقت حاصل کرنے والے لوگ ملک کو میسر ہونگے۔

اس طرح چار دانگ عالم میں امن کی خوشبو پھیلے گی اور امید سحر محرومیوں کو دفن کر کے انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔ یہ امید سحر اس بات کی بھی ترجمانی کرتا ہے کہ شہداء انجمن، بانی اراکین، رفقاء انجمن کا دیکھا ہوا خواب کہ انجمن ملک بھر میں بام عروج کو پہنچے اس کی تعمیر و تکمیل کے نشان ہم ہیں۔!

اس عزم سے لڑ رہے ہیں جبر کے اندھیروں سے
طلوع جو سحر ہوگی۔۔۔۔۔۔۔ وہ سحر ہماری ہے

# مکتبہ انجمن

انجمن طلبہ اسلام کی یہ برملا حقیقیت ہے کہ کسی سرکاری یا سیاسی تعاون کی خواہاں ہوئی ہے نہ کبھی کہیں سے گرانٹ لی۔ جوں توں انجمن کا نظام اس کے رفقاء اور حاضرین ہی چلاتے رہے ہیں، مگر اکثر اوقات فنڈنگ کا نظام نہ ہونے پر تنظیمی صورتحال تنگی داماں سے دوچار رہی ہے ان ہی حالات کے پیش نظر مرکزی قیادت نے مکتبہ انجمن کے ذریعے انجمن کو خود کفیل بنانے کی کوشش کرنے جا رہی ہے۔ جس کے تحت مختلف پراجیکٹ پر عمل جاری ہے۔

"16x16" کا دیدہ زیب لکڑی کی شیت پر ڈیزائن کردہ سیدی یارسول اللہ کو مونو گرام ڈلیوری چارجز سمیت صرف -/1000 میں آپ تک پہنچ سکے گا۔

الحمد اللہ مکتبہ انجمن کی جانب سے نوائے انجمن کی اشاعت بھی ہو چکی ہے جسکی سالانہ ممبر شپ ڈلیوری چارجز سمیت صرف 1200 روپے ہے۔ اسکے بعد سال بھر نوائے انجمن کی مد میں چارج نہیں کیا جائے گا۔ جبکہ سالانہ ممبر شپ لینے والوں کو بطور تحفہ مکتبہ انجمس کی جانب سے 20 پرچم دیئے جائیں گے۔

اسکے علاوہ الحمد اللہ مکتبہ انجمن کی جانب سے 2 نئے ترانے، انجمن کی ڈائری، 1000 کشف المحجوب، 00010 ترمیم شدہ نئے ایڈیشن کے ساتھ نصاب انجمن، 3000 امین نصاب، 3000 کارکن نصاب، 10,000 پرچم ، سیدی یارسول اللہ کے میڈلز، پنسل، کاپیاں اور بیگ تیار ہو چکے ہیں۔

جو 20 شوال سے میسر ہوں گے۔ احباب انجمن انتہائی مناسب قیمتوں پر مکتبہ انجمن آپکو اشیاء فراہم کرنے کرے کی

کوششوں میں مصروف ہے۔آپ ان اشیاء کی خریداری کر کے انجمن کے ساتھ فنڈنگ کے حوالے سے تعاون کر سکتے ہیں۔

جبکہ ان تمام پراجیکٹس سے حاصل ہونے والی رقم سے انجمن و مکتبہ انجمن کے معاملات چلائے جائیں گے، امید ہے اس میں آپکا تعاون درکار رہے گا۔

آپکے تعاون کا متمنی۔

سید حسنین نوری
مرکزی سیکرٹری نشر و اشاعت و نگران مکتبہ انجمن
03316465156
03076465156



جموں کشمیر انجمن طلبا اسلام سیشن ( 2022-23) کا پہلا عاملہ اجلاس زیرِ صدارت ناظم جموں کشمیر انجمن طلبا اسلام سردار بیدار حسین مورخہ 18 مارچ بروزِ ہفتہ باغ آزاد جموں و کشمیر میں منعقد ہوا۔ جنرل سیکرٹری کشمیر سید ماثر علی تابان گردیزی کی شرکت۔



گوجرانولہ: شہیدِ انجمن حافظ محمد افضل شہید صاحب، سابق سیکرٹری جنرل ATI صفدر مسعود گورائیہ صاحب کی تربت پر مرکزی سیکرٹری جنرل ATI پاکستان برادر راجہ منصور اقبال کی احباب انجمن کے ہمراہ حاضری۔ جبکہ اس موقعہ پر حافظ محمد افضل شہید کے بھائی محمد اکرم ورک، مرکزی پریس سیکرٹری برادر سید حسنین نوری، ضلع ناظم گوجرانولہ برادر علی گجر سمیت دیگر دوست موجود۔




کشمیر: انجمن طلبہ اسلام ضلع مظفر آباد کے زیرِ اہتمام بیت المقدس پر ہونے والی بمباری اور امت مسلمہ پر ظلم و جبر کے خلاف لبیک القدس احتجاجی مظاہرہ۔ احتجاجی مظاہرے سے مرکزی فنانس سیکرٹری وقاص یوسف، پریس سیکرٹری کشمیر احمد رضا مصطفائی حضرت علامہ روحیل عباسی صاحب، ناظم ڈویژن مظفر آباد سجاد رشید و دیگر نے اظہار خیال کیا



یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد: حی علی الفلاح رمضان نشست جنرل سیکریڑی جامعہ برادر جمشید حسین ہاشمی کی تمام ہاسٹلز کے ذمہ داران کے ساتھ نشست ہاسٹلز کے لیے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا اور دیگر تنظیمی امور پہ تبادلہِ خیال کیا گیا۔



جموں کشمیر انجمن طلبا اسلام کابینہ اور عاملہ ممبران سے ناظم جموں کشمیر سردار بیدار حسین، جنرل سیکرٹری کشمیر سید ماثر علی تابان گردیزی حلف لے رہے ہیں۔ تقریب میں سابق ناظمِ کشمیر محترم عاصم علی میر، سابق پریس سیکرٹری کشمیر سید کلیم گردیزی صاحب کی خصوصی شرکت



گوجرنوالہ: مرکزی صدر برادر مبشر حسینی کا حی الفلاح کے عنوان سے منعقدہ نشست سے خطاب اس موقعہ پر سابق ناظم پنجاب برادر راشد مغل و ناظم ضلع علی گجر بھی شریک



لاہور: انجمن طلباء اسلام کاہنہ نو کے زیرِ اہتمام غزوہ بدر کانفرنس سے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری کامران اکبر رضوی اور جنرل سیکرٹری پنجاب شمالی دانش وڑائچ مصطفائی خطاب کر رہے ہیں۔



صدر انجمن برادر مبشر حسین حسینی کی بلوچستان آمد کے موقع پر مرکزی جوائنٹ سیکرٹری برادر وقاص رئیسانی، ناظم بلوچستان برادر صدیق آفتاب کے ہمراہ یونٹ خجک و سبی آمد۔ ذمہ داران و کارکنان سے اظہار خیال۔



آو چلیں شہید کے گھر! عشرہ شہدائے راہ وفا کے تحت
گوجرانولہ میں شہید انجمن حافظ مسعود خالد مفتی شہید کے مزار اقدس پر سیکرٹری جنرل انجمن طلبہ اسلام پاکستان برادر راجہ منصور اقبال، مرکزی پریس سیکرٹری برادر سید حسنین نوری سمیت مقامی قیادت کی حاضری۔



قائد طلبہ مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام برادر مبشر حسین حسینی کا سالار طلبہ ناظم پنجاب جنوبی مہر عرفان ساہمل کے ہمراہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد کا دورہ۔ ذمہ داران سے ملاقاتیں، گزشتہ روز فیسوں میں اضافہ ہونے پر اے ٹی آئی کی جانب سے احتجاج و دھرنے کے بعد انتظامیہ کی جانب سے اضافہ واپس لینے پر ذمہ داران و کارکنان کی کاوشوں کو سراہا۔



صدر انجمن برادر مبشر حسین حسینی کی ناظم بلوچستان برادر صدیق آفتاب کے ہمراہ بلوچستان دورے کے موقعہ پر مچھ آمد۔ ذمہ دران و کارکنان سے ملاقاتیں۔



ضلع خانیوال کے زیرِ اہتمام شان سیدہ فاطمہ زہرا کانفرنس بسلسلہ برسی شہید نظام مصطفیٰ ظفر اقبال شہید و افطار ڈنر کا انتظام کیا گیا۔
خصوصی شرکت: قائد طلبہ برادر مبشر حسین حسینی مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام مبشر منظور نائب ناظم اے ٹی آئی پنجاب جنوبی۔



جامعہ کشمیر تحریک طلبہ یونین الیکشن کے حوالے سے یونیورسٹی آف آزاد جموں کشمیر میں منعقدہ گرینڈ جرگہ سے ناظم جامعہ کشمیر سید صعود گردیزی اظہارِ خیال کر رہے ہیں



سرگودھا: انجمن طلباء اسلام علاقہ بھاگٹانوالہ کہ زیر اہتمام
گرینڈ افطار ڈنر کا اہتمام سالار طلباء ناظم پنجاب جواد خان لودھی جنرل سیکرٹری پنجاب شمالی
دانش وڑائچ اور نائب ناظم اول فرخ جاوید گھنجیرا کی شرکت۔



یونیورسٹی آف پنجاب سے طلباء کے وفد کی ایوان خیر آمد
مرکزی جوائنٹ سیکرٹری کامران اکبر رضوی
اور جنرل سیکرٹری پنجاب شمالی دانش وڑائچ سے ملاقات



گورنمنٹ گریجوایٹ کالج منڈی بہاوالدین میں ہمدرد سازی کیمپ کا انعقاد
جنرل سیکرٹری پنجاب دانش وڑائچ مصطفائی اور سابق جنرل سیکرٹری پنجاب
شمالی محسن ریاض گوندل سمیت ناظم ضلع عاقب گوندل، جنرل سیکرٹری
راشد سبحانی صاحب و دیگر موجود



حویلی جموں کشمیر انجمن طلبہ اسلام ضلع حویلی کے زیرِ اہتمام گورنمنٹ ڈگری کالج حویلی میں منعقدہ سردارِ امت مصلح امت حضرت سیدنا امامِ حسن کانفرنس و افطار ڈنر کے مناظر۔ جنرل سیکرٹری کشمیر سید ماثر علی تابان گردیزی، سابق ناظمِ کشمیر عاصم علی میر، جنرل سیکرٹری ڈویژن پونچھ عزیر خالد قریشی، ناظم ضلع حویلی ذوالقرنین اقبال سمیت کثیر تعداد میں طلبہ کی شرکت



انجمن طلباء اسلام گورنمنٹ ڈگری کالج دینہ کے زیر اہتمام امید سحر طلباء سیمینار کا انعقاد رفیق انجمن افتخار مغل صاحب،
جنرل سیکرٹری پنجاب شمالی دانش وڑائچ مصطفائی، ناظم ضلع ملک عبداللہ اعوان نے اظہار خیال کیا



انجمن طلباء اسلام گورنمنٹ ڈگری کالج دینہ کے زیر اہتمام امید سحر طلباء سیمینار کا انعقاد رفیق انجمن افتخار مغل صاحب،
جنرل سیکرٹری پنجاب شمالی دانش وڑائچ مصطفائی، ناظم ضلع ملک عبداللہ اعوان نے اظہار خیال کیا



تقریب حلف برداری کابینہ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد۔ جبکہ ذمہ داران سے حلف
سابق مرکزی صدر جواد الحسن کاظمی و سابق مرکزی نائب صدر برادر جعفر ماجد کے رہے ہیں





راولپنڈی، سرگودھا، منڈی بہاوالدین اور خوشاب میں ہونے والے ہمدرد سازی کیمپوں کے مناظر۔



ناظم جموں کشمیر انجمن طلبہ اسلام سردار بیدار حسین کی زیرِ صدارت جامعہ کشمیر اور ضلع مظفر آباد کے انتخابات۔ جنرل سیکرٹری کشمیر سید ماثر علی تابان بھی موجود۔ سید صعود گردیزی ناظم جامعہ، محسن علی چوہدری جنرل سیکرٹری جامعہ، دانش جمیل ناظم ضلع مظفر آباد اور مہرانس شکور جنرل سیکرٹری منتخب۔



انجمن طلباء اسلام ضلع گجرات کا الیکشن برائے سیشن 2023 زیرصدارت دانش وڑائچ مصطفائی ہوا کثرت رائے سے برادر ابراہیم اعوان ناظم اور برادر اسداللہ جٹ جنرل سیکرٹری نامزد



انجمن طلباء اسلام لاہور کا انتخابی اجلاس زیرصدارت سالار طلباء جواد خان لودھی ہوا کثرت رائے سے فیض رسول ناظم ضلع اور جنید گرمانی جنرل سیکرٹری ضلع منتخب



ننکانہ: انجمن طلبہ اسلام کے زیراہتمام تربیتی نشست سے جنرل سیکرٹری پنجاب دانش وڑائچ کا خطاب وسابقین انجمن سے ملاقات کے مناظر



انجمن طلباء اسلام ضلع سرگودھا کے انتخابات 05 مارچ بروز اتوار کوسٹی سرگودھا میں برادر دانش وڑائچ مصطفائی (جنرل سیکرٹری ATI پنجاب شمالی) کی زیرصدارت منعقد کیے گئے جس میں برادر شاہ زیب وینس کو ناظم انجمن طلباء اسلام ضلع سرگودھا اور برادر چوہدری تیمور احد کو جنرل سیکرٹری ضلع منتخب کیا گیا



سائنس ڈیپارٹمنٹ اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد iiui کی تربیتی نشست ودعوت طعام کا اہتمام۔



انجمن طلباء اسلام پنجاب شمالی کا پہلا عاملہ اجلاس صوبائی آفس ایوان خیر ناظم پنجاب برادر جواد لودھی کی زیرصدارت انعقاد پذیر ہوا۔



انجمن طلباء اسلام بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد ہاسٹلز ٹیم کے زیراہتمام ٹی پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ ناظم ہاسٹلز برادر زوہیب احمد رانا نے خصوصی شرکت کی۔



انجمن طلباء اسلام ضلع حویلی کا جنرل اجلاس اور حلقہ درود یونیورسٹی کیمپس حویلی کہوٹہ میں زیرصدارت ناظم ضلع حویلی ذوالقرنین اقبال قریشی منعقد ہوا۔ سابق ناظم کشمیر برادر عاصم علی میر، ناظم ڈویژن پونچھ سید ذیشان گیلانی اور جنرل سیکرٹری ضلع حویلی ادریس چوہان کی خصوصی شرکت۔ اجلاس میں جامعہ پونچھ حویلی کہوٹہ کیمپس کی قیادت کا انتخاب۔ شیخ زبیر ناظم جامعہ پونچھ حویلی کہوٹہ کیمپس اور عبداللہ درانی جنرل سیکرٹری منتخب۔





نیلم: جنرل سیکرٹری کشمیر سید ماشر علی تابان گردیزی کی زیرِصدارت ضلع نیلم کے انتخابات۔ فنانس سیکرٹری کشمیر عزیر اقبال اور سابق ناظم کشمیر طاہر ضیا کی شرکت۔ حامد رضا ناظم اور انیق الرحمن جنرل سیکرٹری منتخب



میرپور۔ جامعہ مسٹ کے انتخابات سابق مرکزی پریس سیکرٹری راجہ فضیل الحسن فاروقی کی خصوصی شرکت۔ احتشام زاہدی ناظم جامعہ اور راجہ ذین ظفر جنرل سیکرٹری منتخبمقام مونال ریسٹورنٹ مظفرآباد منعقد ہوا۔ جنرل سیکرٹری ضلع مہرانس شکور اور دیگر ذمہ داران کی شرکت



جموں کشمیر انجمن طلباء اسلام ضلع مظفرآباد سیشن (2023) کی کابینہ کا پہلا اجلاس ناظم جموں کشمیر انجمن طلباء اسلام ضلع مظفرآباد برادر دانش رضا مصطفائی کی زیرِصدارت بمقام مونال ریسٹورنٹ مظفرآباد منعقد ہوا۔ جنرل سیکرٹری ضلع مہرانس شکور اور دیگر ذمہ داران کی شرکت



میر پور۔ جامعہ مسٹ میں 9 فروری یوم حقوق طلبہ کی مناسبت سے سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاجی مظاہرہ۔
جنرل سیکرٹری جامعہ راجہ ذین ظفر اور طلبہ کی شرکت۔



جامعہ کشمیر کنگ عبداللہ کیمپس کے زیرِ اہتمام سٹڈی سرکل اور نئے دوستوں کے ساتھ تعارفی نشست کا انعقاد
ناظم جامعہ کشمیر سید صعود گردیزی، ناظم کنگ عبداللہ کیمپس ماجد مغل اور جنرل سیکرٹری سٹی کیمپس نوید ہارونی کی شرکت



باغ: جنرل سیکرٹری کشمیر سید ماثر علی تابان گردیزی کی زیرِ صدارت انجمن طلبہ اسلام ضلع باغ کے انتخابات۔ سردار ادیب احمد ناظم اور سید فرخان شاہ جنرل سیکرٹری منتخب



مظفر آباد: انجمن طلبا اسلام کا سویڈن میں کتابِ مبین کلامِ الٰہی قرآن مجید کی بے حرمتی کے خلاف احتجاج
جنرل سیکرٹری کشمیر سید ماثر علی تابان کی شرکت۔ رکن انجمن سید حسام الحسن گیلانی اور سجاد رشید بھی موجود



جموں کشمیر انجمن طلبا اسلام کے وفد کی نومنتخب صدر سنٹرل بار ایسوسی ایشن مظفر آباد راجہ آفتاب، سیکرٹری جنرل بار اسد خان عباسی اور نائب صدر بار ملک محمد نصیر اعوان سے ملاقات۔
وفد میں ناظم جموں کشمیر سردار بیدار حسین، جنرل سیکرٹری سید ماثر علی تابان گردیزی، ناظم جامعہ کشمیر سید صعود گردیزی، ناظم ضلع مظفر آباد دانش جمیل، جنرل سیکرٹری ضلع مہرانس شکور و دیگر موجود۔



کاہنہ نولاہور انجمن طلباء اسلام کاہنہ نو کے زیر اہتمام غزوہ بدر کانفرنس سے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری
کامران اکبر رضوی اور جنرل سیکرٹری پنجاب شمالی دانش وڑائچ مصطفائی خطاب کر رہے ہیں






مرکز کی ہدایت پر پاکستان بھر میں رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو فلسطینیوں پر مظالم کے خلاف ریلیوں
و مظاہروں کا اہتمام۔ گوجرانولہ، پسرور، لاہور، سیالکوٹ و دیگر کے تصویری مناظر



قائد طلبہ برادر مبشر حسین حسینی کا دورہ جنوبی پنجاب کے موقع پر اے ٹی آئی کی قدیمی شاخ احمد پور لمہ آمد کے موقع پر ذمہ داران و کارکنان سے تربیتی نشست میں گفتگو، رفقاء انجمن سے ملاقاتیں
وان کے مرحومین کی لیے تعزیت پیش کی۔ قائد طلبہ کی صحافی برادری سے گفتگو و پریس کانفرنس کے بعد اولیاء کرام کی مزارات پر حاضری۔!



قائدطلبہ برادر مبشر حسین حسینی کا سالار طلبہ ناظم پنجاب جنوبی برادر مہر عرفان ساہمل کے ہمراہ بہاولنگر کا دورہ، ضلع بہاولنگر کے کارکنان، ذمہ داران ورفقاء کی جانب سے شاندار ریلی کے ذریعے استقبال کیا گیا، مختلف کالجز کے طلبہ کی کثیر تعداد میں شرکت ۔!



قائدطلبہ برادر مبشر حسین حسینی کا سالار طلبہ ناظم جنوبی پنجاب برادر مہر عرفان ساہمل، جنرل سیکرٹری جنوبی پنجاب برادر سکندر اقبال نوناری کے ہمراہ بہاولنگر کا دورہ۔
امید سحر طلباء سیمینار و استقبالیہ نومنتخب قیادت سے قائدین انجمن کا خطاب، طلبہ کی کثیر تعداد میں شرکت ۔!



صدر انجمن کے دورہ جنوبی پنجاب کے موقعہ پر پنجاب بھر میں مختلف اضلاع کے حاضرین، سابقین، وکلاء، صحافی، ڈاکٹرز سمیت شہدائے انجمن کی قبور پر حاضری۔



مرکزی صدر ATI برادر مبشر حسین حسینی کی ناظم پنجاب جنوبی برادر مہر عرفان ساہمل کے ہمراہ انجمن طلبہ اسلام و مصطفائی تحریک ضلع جھنگ کے زیر اہتمام امید سحر ضلعی کنونشن و تقریب عید ملن شرکت ۔ سابق مرکزی صدر احمد وقار مدنی، امیر مصطفائی تحریک غلام مرتضیٰ سعیدی و شیخ طاہر انجم سمیت رفقاء و کارکنان انجمن کی کثیر تعداد میں شرکت ۔



صدر انجمن کے دورہ جنوبی پنجاب کے موقعہ پر پنجاب بھر میں مختلف اضلاع کے حاضرین، سابقین، وکلاء، صحافی، ڈاکٹرز سمیت شہدائے انجمن کی قبور پر حاضری۔



قائد طلبہ برادر مبشر حسین حسینی کی نائب ناظم سندھ برادر نور علی میرانی کے ہمراہ شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیر پور آمد۔ جامعہ شاہ عبدالطیف خیر پور کے ناظم برادر اسحاق بھٹی و کابینہ اراکین سے ملاقات



برادر مبشر حسین حسینی مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام کی بلوچستان آمد پر مرکزی جوائنٹ سیکرٹری برادر صاحبزادہ وقاص رئیسانی، ناظم بلوچستان برادر صدیق آفتاب، جنرل سیکرٹری برادر چوہدری تیمور نے بلوچ ثقافت پیش کر کے قائد طلبہ کا استقبال کیا۔



کوئٹہ، بلوچستان: انجمن طلبہ اسلام کے زیر اہتمام کوئٹہ میں عزم بدر کانفرنس سے مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام برادر مبشر حسین حسینی کا خطاب۔ ناظم صوبہ برادر صدیق آفتاب، جنرل سیکرٹری بلوچستان برادر چوہدری تیمور حسن، مرکزی رکن مشاورت فیصل قیوم، ناظم کوئٹہ فہد قیوم سمیت رفقاء اور کارکنان کی شرکت۔



سرائے عالمگیر: انجمن طلباء اسلام کے زیر اہتمام افطار ڈنر میں جنرل سیکرٹری پنجاب دانش وڑائچ ,ناظم ضلع ملک عبداللہ اعوان و دیگر موجود





انتخابات برائے سیشن 2022-23 کراچی ڈویژن بر صدارت: محمد معین الدین سیالوی ناظم سندھ اراکین وامناء نے کثرت رائے سے جامعہ کراچی کے طالبعلم برادر محمد احمد ترابی کو ناظم کراچی اقراء یونیورسٹی کے طالبعلم برادر محمد اویس مغل کو جنرل سیکرٹری کراچی ڈویژ منتخب کیا۔





## جامعہ کشمیر انجمن طلبہ اسلام جامعہ کشمیر سٹی کیمپس کے زیرِ اہتمام حلقہ درود و سلام اور تربیتی نشست کا انعقاد۔

### ناظم جامعات کونسل سید علی اختر گیلانی، ناظم جامعہ کشمیر سید صعود گردیزیِ، ناظم سٹی کیمپس ملک انوار الحق اور جنرل سیکرٹری سٹی کیمپس محمد نوید ہارونی کی شرکت







صدر انجمن برادر مبشر حسین حسینی کی بلوچستان آمد کے موقع پر مرکزی جوائنٹ سیکرٹری برادر وقاص رئیسانی، ناظم بلوچستان برادر صدیق آفتاب کے ہمراہ ڈیرہ مراد جمالی کا دورہ، ذمہ دران و سابقین انجمن کے ساتھ نشست۔



انجمن طلباء اسلام ضلع قصور کے انتخابات برائے سیشن 2023 ناظم پنجاب (شمالی) جواد خان لودھی کی صدارت میں منعقد ہوئے۔

اراکین وامناء نے کثرت رائے سے محمد احمد فریدی ناظم ضلع جبکہ برادر علی حیدر جنزل سیکرٹری ضلع منتخب



انجمن طلباء اسلام جامعہ کشمیر کے زیر اہتمام کیمپس چہلہ میں ناظم جامعہ سید صعود گردیزی کی زیرنگرانی مجاہدین وشہدائے بدر کی یاد میں یوم الفرقان کانفرنس وافطار ڈنر کے مناظر۔ ناظمِ کشمیر سردار بیدار اعوان، جنرل سیکرٹری کشمیر سید ماثر علی تابان گردیزی، مرکزی فنانس سیکرٹری خواجہ وقاص یوسف، سابق مرکزی سیکرٹری جنرل خواجہ اسلم رضا، سابق مرکزی پریس سیکرٹری حماد الرحمن جامی ودیگر کی شرکت۔



انجمن طلبہ اسلام ضلع مظفرآباد کے زیرِ اہتمام خیبر شکن کانفرنس وافطار ڈنر کے مناظر۔ ناظم کشمیر سردار بیدار حسین، سابق سیکرٹریز جنرلز خواجہ اسلم رضا اور حسنین مصطفائی، سابق پریس سیکرٹری کشمیر ظہیر اعوان، پریس سیکرٹری کشمیر احمد رضا مصطفائی، ڈویژن ناظم سجاد رشید ودیگر شریک۔



قائد طلبہ مرکزی صدر انجمن طلباء اسلام برادر مبشر حسین حسینی صاحب کا ناظم پنجاب شمالی جواد خان لودھی جنرل سیکرٹری پنجاب شمالی برادر دانش وڑائچ مصطفائی، سابق جنرل سیکرٹری جنوبی پنجاب برادر کامران اکبر رضوی اور ہارون رشید کے ہمراہ المصطفی ویلفیئر ٹرسٹ کے آئی اسپتال وفری دسترخوان کا دورہ۔



انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد میں انجمن طلبہ اسلام کے زیرِ اہتمام کویت ہاسٹل میں مقیم طلبہ کے لیے یوم بدر کی مناسبت سے افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔
ناظم جامعہ برادر محسن علی نے خصوصی شرکت کی۔ جبکہ پروگرام کی نظامت علی رضا (ناظم اولڈ کیمپس) نے کی۔





زرعی یونورسٹی فیصل آباد میں حالیہ فیسوں میں اضافہ کے خلاف انجمن طلبہ اسلام کی طرف سے بھرپور احتجاج کیا گیا۔
14 روز دھرنے اور تمام مین گیٹس بند کرنے کے بعد انتظامیہ سے مزاکرات کے زریعے فیسوں میں کمی کروائی گی۔



انجمن طلبہ اسلام کی مرکزی کابینہ کے اعزاز میں المصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے دعوت افطار کا اہتمام۔ مرکزی صدر ATI پاکستان برادر مبشر حسین حسینی صاحب کی قیادت میں وفد کی شرکت۔



انجمن طلباء اسلام پنجاب جنوبی کی مجلس عاملہ کا پہلا اجلاس ناظم پنجاب مہر عرفان ساہمل کی زیر صدارت ملتان شریف میں منعقد ہوا





